Registration No.3942
www.idealpakistannews.com
ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ
آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351
ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ
جلد 14 | جمعرات ، 12 ستمبر 2024ء، 7 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 301

پنجاب کی 112 تحصیلوں میں چیف منسٹر کلینک آن ویل شروع کرنے کا فیصلہ

112 تحصیلوں میں 444 کلینک آن ویل وین مہیا کی جائیں گی، الٹراساؤنڈ کی سہولت میسر ہوگی، سرگودھا اور ڈیرہ غازی خان ریجن میں بارڈر آؤٹ پوسٹس کی اپ گریڈیشن اور تعمیر و بحالی اور پنجاب فلم فنڈ قائم کرنے کی منظوری

چن دا قلعہ چوک گوجرانوالہ میں فلائی اوور کی تعمیر، سالانہ ترقیاتی پروگرام میں نارووال کرتار پور کوریڈور سکیم پر اتفاق ، پولیس شہداء کے اہل خانہ کے گھروں کیلئے گرانٹ بڑھانے کی منظوری

،سالانہ ترقیاتی پروگرام 2024-25 میں روڈز کے میگا پراجیکٹس کی منظوری، ہر سال آنیوالے سیلاب سے مستقل بچاؤ کیلئے پائیدار اقدامات کرنے کا حکم، ہر سال سیلاب کی وجہ سے نقصان نااہلی کے مترادف ہے' مریم نواز شریف

لاہور(این این آئی)وزیراعلی پنجاب مریم نوازشریف کی زیرصدارت کابینہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے فنانس اینڈ ڈویلپمنٹ کا 6واں اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب کی 112 تحصیلوں میں چیف منسٹر کلینک آن ویل شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا-112 تحصیلوں میں 444 کلینک آن ویل وین مہیا کی جائیں گی-112 کلینک آن ویل میں الٹراساؤنڈ کی سہولت میسر ہوگی -پنجاب فلم فنڈ قائم کرنے کی منظوری دی گئی-سرگودھا او رڈیرہ غازی خان ریجن میں بارڈر آؤٹ پوسٹس کی اپ گریڈیشن اور تعمیر و بحالی کی منظوری دی گئی- کابینہ نے قائداعظم بزنس پارک شیخوپورہ کے داخلی راستے پر ایم ٹو موٹروے انٹرچینج بنانے کی منظوری دی-اجلاس میں چن دا قلعہ چوک گوجرانوالہ میں فلائی اوور کی تعمیر اور سالانہ ترقیاتی (بقیہ نمبر 9)

بانی پاکستان کی کرشماتی شخصیت ہمارے لئے مشعل راہ ہے، شبیر میثمی

آپ کی ولولہ انگیز اور مدبرانہ قیادت میں مسلمانوں نے الگ وطن "پاکستان" حاصل کیا

قائداعظم کے فرامین پر عمل پیرا ہو کر ہی پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے ،شیعہ رہنماء

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) شیعہ علماء کونسل پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ ڈاکٹر شبیر حسن میثمی نے 11 ستمبر قائداعظم محمد علی جناحؒ کے 76ویں یوم وفات کی مناسبت سے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بانی پاکستان کے سنہری فرامین اتحاد، تنظیم اور یقین محکم پر عمل پیرا ہو کر ہی وطن عزیز پاکستان کو ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کیا جا سکتا ہے، قائداعظمؒ کے افکار کی روشنی میں قوم کو متحد کر کے ملک سے لاقانونیت، غربت، افلاس و تنگدستی اور دیگر مسائل و مشکلات کا خاتمہ بھی ممکن بنایا جا سکتا ہے، ہم بانیِ پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کو خراج عقیدت و سلام پیش کرتے ہیں، مسلمانانِ پاک و ہند 11 ستمبر 1948ء کو اپنے عظیم رہنما کی قیادت سے محروم ہو گئے تھے، آپ کی ولولہ انگیز اور مدبرانہ قیادت میں مسلمانوں نے الگ وطن "پاکستان" حاصل کیا اور انگریزوں کے تسلط سے چھٹکارا پایا، بانی پاکستان کی کرشماتی شخصیت ہمارے لئے مشعل راہ ہے، آپ نے زندگی کے ہر شعبے میں کامیابیاں سمیٹتے ہوئے وہ کر دکھایا جو کہ عام انسان سوچ بھی نہیں سکتا، ایسے لوگ اپنے کردار کی وجہ سے مرنے کے بعد بھی قوم کے دلوں میں زندہ رہتے ہیں اور تاریخ کے اوراق میں امر ہو جاتے ہیں۔

منہاج یوتھ لیگ اسلام آباد عالمی میلاد کانفرنس میں شرکت کریگی

کانفرنس 11- 12 ربیع الاول کی درمیانی شب کو مینار پاکستان منعقد ہوگی، طاہر القادری خطاب کرینگے

یوتھ لیگ کے نوجوان قافلہ لے کر شریک ہوں گے، صدر اسلام آباد عثمان امین ، ابرار قریشی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) منہاج یوتھ لیگ اسلام آباد زون عالمی میلاد کانفرنس لاہور میں بھرپور شرکت کرے گی کانفرنس 11-12 ربیع الاول کی درمیانی شب کو مینار پاکستان منعقد ہوگی ڈاکٹر محمد طاہر القادری ویڈیو لنک کے ذریعے خطاب کریں گے یوتھ لیگ کے نوجوان قافلہ لے کر شریک ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار صدر اسلام آباد عثمان آمین جنرل سیکرٹری ابرار قریشی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس جواد ارجمند ایکٹنگ صدر ارشد مصطفویس سیکرٹری فنانس حمزہ بٹ اینڈ محسن امین سینئر نائب صدور گلفراز خان سیکرٹری ممبر شپ عادل قریشی سیکرٹری سوشل میڈیا محمد عرفان ڈپٹی جنرل سیکرٹری نے شرکت کی۔

کیا ہم بیٹھ کر چارٹر آف پارلیمنٹ سائن نہیں کر سکتے؟ جماعتیں اکٹھی بیٹھیں یا نہیں، ارکان کو تو ساتھ ہونا چاہیے

اسپیکر قومی اسمبلی کی میثاق پارلیمنٹ کی تجویز

پارلیمنٹ کی کارروائی چلانے کیلئے کمیٹی بنانے کی قرار داد منظور، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے میثاق پارلیمنٹ کی تجویز دیدی

کیا ہم بیٹھ کر چارٹر آف پارلیمنٹ سائن نہیں کر سکتے؟ جماعتیں اکٹھی بیٹھیں یا نہیں ، ارکان کو تو ساتھ ہونا چاہیے، جو میں کر سکتا تھا وہ میں نے کیا، اظہار خیال

اسلام آباد(این این آئی)اسپیکرقومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے میثاق پارلیمنٹ کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ کیا ہم بیٹھ کر چارٹر آف پارلیمنٹ سائن نہیں کر سکتے؟ جماعتیں اکٹھی بیٹھیں یا نہیں، ارکان کو تو ساتھ ہونا چاہیے، جو میں کر سکتا تھا وہ میں نے کیا۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایوان کا ماحول اچھا ہے، اللہ کرے کہ اس میں مزید بہتری آئی، ہم بلاول بھٹو زرداری، خواجہ آصف، اسحاق ڈار، بیرسٹر گوہر، مصطفی (بقیہ نمبر 23)

پی ٹی آئی طویل عرصہ بعد بڑا عوامی شو کرنے میں کامیاب رہی

اٹک کے دونوں حلقوں سے میجر طاہر صادق کے ساتھیوں کی بہت بڑی تعداد جلسہ گاہ تک پہنچنے میں کامیاب رہی

انبساط طاہر صادق اور سابق ایم این اے محمد زین الہی نے کارکنوں کی بھاری تعداد کے ھمراہ ایک طویل سفر پیدل چل کر پنڈال تک پہنچنے کا حدف مکمل کیا

۔محمد زین الہی اور انبساط طاہر صادق نے کارکنوں کے دل جیت لیے۔ اور ایم این اے میجر طاہر صادق کی بھرپور نمائندگی کا حق ادا کر دیا



اسلام اباد(بی بی سی) پی ٹی آئی ایک طویل عرصہ بعد وفاقی دارالحکومت کے سنگم سنگ جانی کے مقام پر بڑا عوامی شو کرنے میں کامیاب رہی۔ اٹک کے دونوں حلقوں سے میجر طاہر صادق کے ساتھیوں کی بہت بڑی تعداد جلسہ گاہ تک پہنچنے میں کامیاب رہی۔ انبساط طاہر صادق اور سابق ایم این اے محمد زین الہی نے کارکنوں کی بھاری تعداد کے ھمراہ ایک طویل سفر پیدل چل کر پنڈال تک پہنچنے کا حدف مکمل کیا۔ اٹک اور میجر گروپ چھایا رہا۔ چھ تحصیلوں اور سینکڑوں دیہاتوں سے کارکنوں کو باھر نکالنا یہ سیاسی معجزہ صرف میجر گروپ ھی سرانجام دے سکتا ھے۔ محمد زین الہی اور انبساط طاہر صادق نے کارکنوں کے دل جیت لیے۔ اور ایم این اے میجر طاہر صادق کی بھرپور نمائندگی کا حق ادا کر دیا اس جلسہ نے جہاں پارٹی کے ورکروں کو نیا حوصلہ دیا وھاں وھاں حکومت بھی بوکھلاھٹ کا شکار نظر آئی۔ اس سے قبل ٹی آئی پانچ مرتبہ وفاقی دارالحکومت میں جلسہ منسوخ کر چکی ہے لیکن اس بار پارٹی رہنماؤں نے یہ ناممکن کام کر دکھایا۔ پی ٹی آئی نے جلسے کا مقام بھی تبدیل کر لیا ہے اور اب جلسے کے لیے سنگجانی انٹرسیکشن کا انتخاب کیا گیا ہے۔ اس سے قبل پارٹی کا اصرار تھا کہ جلسہ اسلام آباد کے ترنول چوک پر ہوگا۔ جلسہ اسلام آباد کے مضافات میں ہونا تھا اور تقریباً 40 شرائط کی بنیاد پر پی ٹی آئی کو جلسے کے لیے این او سی تھمایا گیا۔ متعدد وجوہات کی بنا پر پی ٹی آئی کو یہ این او سی ملنا اور آٹھ ستمبر تک اس این او سی کا برقرار رہنا سیاسی طور پر پی ٹی آئی کے لیے ایک کامیابی تھی، اور پاکستان کی سیاست اور پاور پلے کے زاویے سے یہ ایک اہم قدم تھا۔ آخر کار نومئی کے بعد پی ٹی آئی کو اپنی عوامی حمایت دکھانے کا یہ پہلا موقع دیا گیا تھا۔ نومئی کے بعد پی ٹی آئی کے وجود پر گھرے بادل چھائے (بقیہ نمبر 24)

جلسہ اسلام آباد سے باہر تھا حکومت نے آدھا اسلام آباد بند کر دیا

نام نہاد جمہوری حکومت کے ہوتے ہوئے ایسے کالے قوانین بنائے جا رہے ہیں جو مارشل لا کے بدترین دور میں بھی نہیں تھے

، جلسہ والے دن انٹرنیٹ سست کر دیا، ہر سڑک پر کنٹینر لگے ہوئے تھے، یہ کون سی جمہوریت ہے کہ حکومت خود محصور ہو کر رہ گئی،

میں وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے جو گفتگو کی وہ ایسے عہدے کو زیب نہیں دیتی، سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی

اسلام آباد۔ سابق وزیراعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے چیئرمین شاہد خاقان عباسی و دیگر پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو جاوید اے ملک این پی سی)

اسلام آباد(نمائندہ آئیڈیل پاکستان) عوام پاکستان پارٹی (اے پی پی) کے رہنما اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ ملک کی بدقسمتی ہے کہ نام نہاد جمہوری حکومت کے ہوتے ہوئے ایسے کالے قوانین بنائے جا رہے ہیں جو مارشل لا کے بدترین دور میں بھی نہیں تھے، جلسہ اسلام آباد سے باہر تھا، حکومت نے آدھا اسلام آباد بند کر دیا، جلسہ والے دن انٹرنیٹ سست کر دیا، ہر سڑک پر کنٹینر لگے ہوئے تھے، یہ کون سی جمہوریت ہے کہ حکومت خود محصور ہو کر رہ گئی، جلسہ کے دوران جو تقاریر ہوئی اس میں عوام کی بات کسی نے بھی نہیں کی، پورے جلسے کے دوران صرف ایک دوسرے پر الزامات اور گالم گلوچ کی گئی، پی ٹی آئی کے سنگجانی کے جلسے میں وزیراعلیٰ کے پی علی امین گنڈاپور نے جو گفتگو کی وہ ایسے عہدے کو زیب نہیں دیتی، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا قابل اعتراض بیان واپس لینے پر بھی تیار نہیں ہیں جو کہ افسوسناک ہے، نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی کا مزید کہنا تھا کہ 8 ستمبر کو ایک سیاسی جماعت کو جلسہ کی اجازت ملی، اس جلسہ سے پہلے ، اس کے (بقیہ نمبر 25)

ماڑی پور بلدیہ پولیس ٹریننگ سنٹر سعید آباد میں عالمی یوم خواندگی منایا گیا

این پی سی آئی ایچ اسد حسین وائس چیئرمین اور خالد چوہدری وائس چیئرمین ایجوکیشن ونگ کراچی کا پروگرام ہوا

سینئر رضا کار اور ممبران کو خراج تحسین پیش کیا کیا اس پروگرام میں مقامی حکومتی نمائندو نے شرکت کی ہے

کراچی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) ماڑی پور بلدیہ پولیس ٹریننگ سنٹر سعید آباد کے قریب کھچلو گوٹھ میں عالمی یوم خواندگی منایا گیا این پی سی آئی ایچ اسد حسین وائس چیئرمین اور خالد چوہدری وائس چیئرمین ایجوکیشن ونگ کراچی کا پروگرام ہوا جس میں بچوں کو تحفہ دیا اور ان کا کہنا ہے کہ قومی ترانہ سنا بچوں کی بہت ہوسلا افزئی ہوء ایک عظم کیا کہ ملک کی ترقی تعلیم میں ہی ہے سینئر رضا کار اور ممبران کو خراج تحسین پیش کیا کیا اس پروگرام میں مقامی حکومتی نمائندو نے شرکت کی ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN
NATIONAL PEACE COMMITTEE FOR INTERFAITH HARMONY
GUEST OF HONOR
Appreciation souvenir
World Literacy Day 8th Sept. 2024
Organized By
S. Asad Hussain - Khalid M Chaudary
Vice Chairmen Education Wing Sindh NPCIH

اسلام آباد ایکسپو 14 ستمبر کو پاک چائنہ فرینڈ شپ سنٹر میں شروع ہوگی

چھٹی دوروزہ

ملک بھر سے خواتین بڑی تعداد میں شرکت کرینگی، ایکسپو میں 150 سے زائد شوکیس ہونگے جو سروسز اور پراڈکٹ سے مزین ہونگے

ایکسپو کے ذریعے دنیا بھر میں پاکستان کا سافٹ امیج پیش کیا جائے گا، بانی صدر اسلام آباد ویمن چیمبر اینڈ کامرس اینڈ ثمینہ فاضل

اسلام آباد۔ وویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی بانی صدر ثمینہ فاضل، رضوانہ آصف، ڈاکٹر سونیا سلیم، سحرش احسن، طارق جدون و دیگر پاک چائنہ فرینڈ شپ سنٹر میں ہونے والی چھٹی دوروزہ ایکسپو کے حوالے سے این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو جاوید اے ملک این پی سی)

اسلام آباد(ساجد جتوئی) اسلام آباد ویمن چیمبر اینڈ کامرس اینڈ انڈسٹری کی بانی صدر ثمینہ فاضل، موجودہ صدر رضوانہ آصف و دیگر نے کہا ہے کہ چھٹی دوروزہ اسلام آباد ایکسپو 14 ستمبر کو پاک چائنہ فرینڈ شپ سنٹر اسلام آباد میں شروع ہو گی جس میں ملک بھر سے خواتین بڑی تعداد میں شرکت کرینگی، ایکسپو میں 150 سے زائد شوکیس ہونگے جو سروسز اور پراڈکٹ سے مزین ہونگے، ایکسپو کو کامیاب بنانے کیلئے بھرپور محنت کر رہے ہیں، ایکسپو کے انعقاد میں جاز کیش، پاور پلے اور اسلام آباد (بقیہ نمبر 27)

حالیہ گندم سیزن میں کرپشن کی انتہا کردی گئی تھی

کرپشن کے تمام کرداروں کے خلاف ایف آئی اے نے مقدمات درج کئے ایم پی اے رانا عبدالمنان ساجد کا کسانوں کیلئے آواز اٹھانا جرم بن گیا

اسٹیبلشمنٹ نے حکومت کے خلاف سازش کر کے ایم پی اے رانا منان کیخلاف جھوٹا مقدمہ درج کروا کر خود کو بچانے کی ناکام سازش کی

ایسے جھوٹے مقدمات سے حق و سچ کو نہیں دبایا جا سکتا، عمائدین علاقہ سیٹھ نذر محمد خان جتوئی ، رانا عرفان جعفر ایڈووکیٹ ، حاجی نور محمد

مظفرگڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر آئیڈیل پاکستان نازک حسین خان غزلانی) حالیہ گندم سیزن میں کرپشن کی انتہا کردی گئی تھی، کرپشن کے تمام کرداروں کے خلاف ایف آئی اے نے مقدمات درج کیے، ایم پی اے رانا عبدالمنان ساجد نے کسانوں کے لیے آواز اٹھائی جو اس کا جرم بن گیا، اسٹیبلشمنٹ نے حکومت کے خلاف سازش کر کے ایم پی اے رانا منان کے خلاف جھوٹا مقدمہ درج کروا کر خود کو بچانے کی ناکام سازش کی، ایم پی اے رانا عبدالمنان ساجد کی غیر قانونی گرفتاری سے حلقہ میں مسلم لیگ ن کے خلاف شدید غم غصہ کی لہر، ایسے جھوٹے مقدمات سے حق و سچ کو نہیں دبایا جا سکتا، ان خیالات کا اظہار عمائدین علاقہ سیٹھ نذر محمد خان جتوئی، رانا عرفان جعفر ایڈووکیٹ، حاجی نور محمد، سردار اقبال خان، رانا شاکر حسن، رانا دلشاد احمد، سہیل احمد غوری، سید علی حیدر شاہ، رانا ممتاز احمد ایڈووکیٹ، حاجی شفیع خان، رانا (بقیہ نمبر 26)

عمائدین علاقہ سیٹھ نذر محمد خان جتوئی، حاجی نور محمد خان، سردار اقبال خان، رانا عرفان جعفر، رانا شاکر، سہیل احمد غوری، سید علی حیدر شاہ، رانا دلشاد احمد، رانا ممتاز احمد، سردار شفیع خان، رانا عمیر ایڈووکیٹ، ایم پی اے رانا عبدالمنان ساجد کی غیر قانونی گرفتاری کی شدید مذمت ہوئے ان کی رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے

تمام صارفین کو 2.65 روپے بشمول ٹیکس فی یونٹ کا ریلیف ملے گا

ستمبر کی بلوں میں فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 2.93 روپے فی یونٹ کمی ہوئی

سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 1.74 روپے فی یونٹ کا اضافہ ہوا، علامیہ پاورڈویژن

اسلام آباد(نمائندہ آئیڈیل پاکستان) حکومت پاکستان اعلامیہ پاورڈویژن ستمبر کے بلوں میں گزشتہ ماہ کی نسبت فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 2.93 روپے فی یونٹ کمی ہوئی ہے، جبکہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 1.74 روپے فی یونٹ کا اضافہ ہوا۔ دونوں ایڈجسٹمنٹ ملا کر زرعی اور گھریلو صارفین (300 یونٹ تک) کو ستمبر کے بلوں میں 2.19 روپے بشمول ٹیکس فی یونٹ جبکہ دیگر تمام صارفین کو 2.65 روپے بشمول ٹیکس فی یونٹ کا ریلیف ملے گا۔

تھانہ ایئرپورٹ کی حدود میں منشیات کا کام عروج پر

سی پی او صاحب منشیات فروشی کے خلاف ایکشن لیں ، اہل علاقہ

راولپنڈی (کرائم رپورٹر شیخ مراد) تھانہ ایئرپورٹ کے حدود میں منشیات کا کام عروج پر منشیات فروشی کی وجہ سے نوجوان نسل تیزی سے خراب ہو رہی ہے اور نشے کے عادی ہو رہے ہیں اہل علاقہ کی درخواست ہے کہ CPO صاحب نوٹس لے اور منشیات فروشی کے خلاف کریک ڈاون سٹارٹ کریں اور علاقے کو منشیات فروشی سے پاک کریں۔

وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود خطاطی کی نمائش میں فن پارے دیکھ رہے ہیں

کرم یکجہتی کمیٹی کے زیر اہتمام علامتی احتجاجی دھرنا ختم کرنے کا اعلان

وہ ضلع کرم کو درپیش مسائل، بالخصوص قیامِ امن میں اپنا کردار ادا کرنا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے

21 دن کے دھرنے میں یہ واضح کیا ہے کہ ضلع کرم میں امن کو درپیش رکاوٹوں کو ختم کیا جائے ، سید تجمل حسین

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) کرم یکجہتی کمیٹی کے رہنماؤں اور عمائدین سید تجمل حسین صدر تحریک حسینی، شبیر حسین ساجدی ترجمان کرم یکجہتی کمیٹی، آغا مزمل حسین تحصیل صدر مجلس وحدت مسلمین پارہ چنار، جعفر حسین صدر پاکستان تحریک انصاف، سید نجات حسین و دیگر نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کرم یکجہتی کمیٹی کے زیر اہتمام گزشتہ 21 دنوں سے علامتی احتجاجی دھرنا (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: کرم یکجہتی کمیٹی کے عہدیداران اور عمائدین این پی سی میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو جاوید اے ملک این پی سی)

فنکار حکومت سے انصاف کی اپیل کرتے ہیں عاصمہ بٹ

فن کار ملک و قوم کا اثاثہ ہیں، جہاں جاتے ہیں پاکستان کی پہچان بنتے ہیں۔ فنکار غیر سیاسی ہوتے ہیں

فن یا فنکار پر آنچ آئے ، یہ کسی صورت قابل قبول نہیں، راولپنڈی آرٹس کونسل کو سیاسی مداخلت سے پاک کیا جائے

اگر فنکاروں کی بلاوجہ حق تلفی کی گئی تو جڑواں شہر کے فنکار احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے، چیئر پرسن ڈولفن کمیونیکیشن

راولپنڈی (نمائندہ آئیڈیل پاکستان) راولپنڈی معروف مصنفہ، ہدایت کارہ و ڈولفن کمیونیکیشن کی چیئر پرسن عاصمہ بٹ نے کہا کہ فن کار ملک و قوم کا اثاثہ ہیں۔ ہم جہاں جاتے ہیں پاکستان کی پہچان بنتے ہیں۔ فنکار غیر سیاسی ہوتے ہیں۔ ان کا جینا مرنا فن سے جڑا ہوتا ہے۔ فن یا فنکار پر آنچ آئے ، یہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔ راولپنڈی آرٹس کونسل کو سیاسی مداخلت سے پاک کیا جائے۔ اگر فنکاروں کی بلاوجہ حق تلفی کی گئی تو جڑواں شہر کے فنکار احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ فنکار پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت سے انصاف کی اپیل کرتے ہیں۔ عاصمہ بٹ نے صحافیوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں نے زندگی (بقیہ نمبر 29)

PAGE 2 EDITORIAL ادارتی صفحہ

Registration No.3942 www.idealpakistannews.com ABC CERTIFIED
DAILY IDEAL PAKISTAN
روزنامہ آئیڈیل پاکستان
بانی: غلام مصطفیٰ جتوئی
ملتان اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: ساجد جتوئی 00923339233351 ایڈیٹر: ڈاکٹر بلال راؤ

قائداعظم محمد علی جناح کو شاندار خراج عقیدت

صدر مملکت اور وزیراعظم پاکستان نے قائداعظم محمد علی جناح کو شاندار خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائداعظم نے اپنی انتھک جدوجہد کی بدولت کروڑوں مسلمانوں کی تقدیر بدل دی، ہم ان کی میراث کا احترام کرتے ہیں۔ بابائے قوم کی 76 ویں برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت آصف علی زرداری کا کہنا تھا کہ قائداعظم محمد علی جناح ایک دوراندیش رہنما تھے جنہوں نے ہندوستان کے مسلمانوں کو ایک جھنڈے تلے متحد کیا۔ انہوں نے کہا کہ پوری قوم کو ان کی انتھک جدوجہد اور حق خودارادیت کیلئے غیر متزلزل عزم پر فخر ہے جس نے لاکھوں مسلمانوں کی قسمت سنواری، ہم برصغیر کے مسلمان ایک علیحدہ وطن کے قیام کے لئے ان کی کوششوں کے انتہائی مقروض ہیں جہاں وہ باعزت طور پر اپنے سیاسی، ثقافتی اور مذہبی حقوق کے ساتھ زندگی گزار سکیں۔ ان کا کہنا تھا کہ قائداعظم نے اپنی انتھک جدوجہد کی بدولت کروڑوں مسلمانوں کی تقدیر بدل دی، پاکستان کیلئے قائداعظم کا وژن بنیادی طور پر جمہوری تھا، قائداعظم ایک ایسی ریاست کے خواہاں تھے جہاں تمام شہری قانون کے سامنے برابر ہوں گے۔ آصف زرداری نے کہا کہ ہمیں اپنے ملک کی ترقی کیلئے اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کے اصولوں کو مشعل راہ بنانے کی ضرورت ہے، قائداعظم کی تعلیمات اور رہنمائی پر عمل کر کے ہم پاکستان کو مضبوط اور خوشحال ملک بنا سکتے ہیں۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ قائداعظم تاریخ میں ایک ممتاز رہنما کے طور پر جانے جاتے ہیں، قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کے لئے تحریک آزادی کی ولولہ انگیز قیادت کی جس کی بدولت دنیا کی پہلی اسلامی نظریاتی ریاست کا قیام عمل میں آیا۔ انہوں نے کہا جمہوریت، سماجی انصاف اور مساوات کے اصولوں کے لئے ان کے غیر متزلزل عزم نے ایک قوم کی بنیاد رکھی جہاں ہر شہری متنوع ثقافتوں کے باوجود ترقی کی منازل طے کرسکتا ہے۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم ان کی میراث کا احترام کرتے ہیں اور ایک عظیم قوم کیلئے پرعزم جذبے کے ساتھ دور حاضر کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے قائد کے پاکستان کے ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

پرانے وقتوں کا بچپن

تحریر بسم اللہ ارم۔۔۔

یہ دولت بھی لے لو یہ شہرت بھی لے لو
بھلے چھین لو مجھ سے میری جوانی
مگر مجھ کو لوٹا دو بچپن کا ساون
وہ کاغذ کی کشتی وہ بارش کا پانی ۔ ۔ ۔

انسانی زندگی مختصر لفظوں میں ڈھلتی کہانی پڑھنے کو تو آسان لگتی ہے مگر یہ کئی عشروں کی مسافت ہے۔ اس ساری زندگی میں انسان کے کئی شوق ہوتے ہیں، مشغلے ہوتے ہیں اور پھر زندگی دیکھتے ہی دیکھتے سنجیدہ اور غمزدہ اور کبھی خوشیوں سے بھرپور ہو جاتی ہے۔ لیکن اگر ہم بچپن کی بات کریں تو دس سال کی عمر

مں ے بچپن گزر رہا ہوتا ہے اور شعور آتا ہے۔ انسان وہ گھر نہیں بھولتا جہاں انسان نے آنکھ کھولی ہو۔ وہیں پلے اور وہیں کھیلے کودے اور وہیں شعور کی ابتدائی منازل طے کی ہوں۔ سنہری یادیں انسان کے ساتھ اس کی سانسوں کی طرح جڑی ہوتی ہیں۔ اسی میں تکلیف دہ یادیں اور صدمات بھی ہیں جو انسان فراموش نہیں کرسکتا۔ بچپن میں صرف دو بھری مسکراہیں ل یہ سب یادیں انسان زندگی بھر اپنے دل میں رکھتا ہے۔ بچپن کے دوست کبھی نہیں بھولتے بلکہ گراہ کے ساتھی، محلے دار نہیں بھولتے۔ وہ دن نہیں بھولتے، نہ پریشانی، نہ فکر، نہ فاقہ، نہ ٹینشن اور اپنی خوشیوں میں گم۔ یوں کہیے کہ کوٹھے سچے لوکی سچے کھلے ویڑے ٹھنڈیاں یاداں اک دوجے ول اون جان لگدیاں ماسیاں سکیاں ماواں ہر

انگلیوں کے جوڑنے سے دوستی شروع ہو جانے والے لمحات کو کون فراموش کرسکتا

قینچی سائیکل سٹائل

ہے۔ بچپن کی ہنسی سے بے فکری اور محبت رشتے کے اندر ایک محبت تھی، پہچان تھی۔ اپنائیت کا دور تھا تسلی اور دلاسہ دینے والے ہر طرف موجود تھے۔ میں نے کچے گھر سے پکے گھر اور پکے گھر سے لیونیشن گھر کا سفر کیا ہے۔ نوے کی دہائی میں جب کمپیوٹر گیمز، ٹیکنالوجی، جدید سمارٹ فون کی آمد نہیں ہوئی تھی تو بچوں کے کھیل بھی مختلف ہوا کرتے تھے۔ کھیل بہت سادہ اور سستے ہوتے تھے لیکن دلوں میں گھر کر لیتے تھے۔ بچپن میں مائیں جن اور پریوں کی کہانیاں اور جن بھوتوں کی باتیں سنا کر اور ڈرا دیتی تھی اور پھر شام ہوتے ہی بستر میں ماں کے گلے سے لپٹ جاتے تھے۔ جب اندھیرا چھا جاتا اور کزن مسات آپس میں ملتے تو بادشاہ، چور، وزیر اور سپاہی کی پرچیاں بنا کر کھیلتے۔ بستر میں ہی مونگ پھلی کھاتے اور کوئی پرچیوں میں بادشاہ بن جاتا، کوئی وزیر اور کوئی چور۔ اگر کوئی مہمان آتا تو اس بات کا انتظار ہوتا کہ وہ رخصت ہوتے وقت کچھ نظرانہ دے کر جائے گا اور وہ پیسے جب ہمیں ملتے تو ہم پھولے نہ سماتے تھے اور والدین سے گڑیا اور لائٹ والے جوتوں کی فرمائش کرتے اور ہم تو وہ لوگ ہیں جنہوں نے بوتلوں کی ڈھکن جمع کیے اور پھر ان سے مختلف چیزیں بنائیں۔ سفیدے کے درخت سے گرنے والی ٹوپیوں کو جوڑ کر سینٹریاں بنانے کا فن سیکھا۔ گھر میں کوئی لکڑی کا کام ہوتا تو بچی ہوئی لکڑیوں سے کھلونے بنوا دیے جاتے۔ مٹی گوندکر مٹی کے برتن بناتے۔ چھٹیاں گزارتے اور ایک دوسرے کو جھولے جھلاتے اور ساتھ گنگناتے اور لکڑی کے غلیل بنا کر ایسے نشانے لگاتے کہ ماہر نشانہ باز بھی نہ لگا سکتے۔ محلے کی چھتوں پر روایتی کھیل کھیلے جاتے۔ کہیں سے عید کارڈ آتا تو دیکھ کر تالیاں بجاتے۔ عدی کارڈ بھی اپنے ہاتھوں سے لکھتے بلکہ اکثر اوقات تو خود بناتے۔ جب محلے میں یا کسی عزیز

کے ہاں ٹی وی آتا تو پھر ٹی وی پر انکل سرگم، عینک والا جن اور مخصوص کارٹون دیکھنے کے لیے اکٹھے ہو جاتے اور جیسے ہی پروگرام ختم ہوتا تو اپنے اپنے گھروں کو روانہ ہو جاتے۔ کھیل میں مٹی مٹی ہونا

بہت پسند تھا۔ بارش نہ آ رہی ہوتی تو

محلے کے چند شرارتی لڑکوں نے کسی کے منہ پر بھی کالک مل کر ڈوئی ڈوئی کا مکالمہ ڈوئی مس ی منگدی بارش آ جانی اور پھر ہم نے خوش ہونا۔ باغوں میں تتلیاں پکڑنا اور ریت کے گھروندے بنانا۔ مٹی کے کھلونے بنانا۔ زمین پر چاک سے خاکہ بنا کر شدی کھیلنا، بنٹے کھیلنا، ککلی ڈالنا اور جھوم جھوم کر گیت گانا، یہ ہمارا بچپن تھا۔ اس دور میں آئس کریم دکانوں سے نہیں بلکہ لکڑی کی بنی ہوئی ریڑیوں سے ملتی تھی۔ محلے میں کہیں پر نیاز بانٹی جاتی تو پہلا حق بچوں کا ہوتا تھا۔ روایتی کھیل تھے اور بسنت کے موسم میں پتنگیں اڑائی جاتی اور وہ پتنگیں باقاعدہ طور پر شاپر سے، پلاسٹک کے لفافے سے بناتے۔ گلی ڈنڈا بھی کھیلا جاتا، سٹاپو بھی کھیلا جاتا، کیرم بورڈ اور لڈو تو چھٹیوں مں ا ہی پیسے جمع کر کے

خریدتے۔ کیا دور تھا لڑکے بھی لڑکیوں کے ساتھ ہی کھیلا کرتے تھے۔ جھولا جھولتے تھے اور گڈا گڈی کی شادی میں شرکت کرتے تھے۔ گاؤں کے سکول میں ٹاٹ پر بیٹھ کر پڑھا جاتا بلکہ اکثر اوقات تو گھر سے بوری توڑا......



SPORTS کھیل کھلاڑی

انڈر-19 تھری ڈے چیمپئن شپ اور ون ڈے کپ غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے قومی انڈر-19 تھری ڈے چیمپئن شپ اور ون ڈے انڈر 19 کپ کو شروع ہونے کے پہلے روز ہی غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا۔ پی سی بی کی جانب سے جاری مختصر اعلامیہ میں بتایا گیا کہ قومی انڈر-19 تھری ڈے چیمپئن شپ کے میچز کو ملتوی کر دیا ہے، چیمپئن شپ میں تھری ڈے اور انڈر-19 کپ میں ون ڈے میچز ہونا تھے۔ پی سی بی کے مطابق ان مقابلوں کو ناگزیر وجوہات کی بنیاد پر غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کر دیا گیا ہے۔ نئے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ پی سی بی کا یہ اعلان تھری ڈے مقابلوں کے پہلے راؤنڈ کے پہلے روز کے اختتام پر آیا۔

انگلینڈ کا پاکستان کیخلاف ٹیسٹ سیریز کیلئے سکواڈ کا اعلان

لندن (این این آئی) انگلینڈ کرکٹ ٹیم نے پاکستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے لیے 17 رکنی سکواڈ کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کے خلاف 3 ٹیسٹ میچز کی سیریز میں بین سٹوکس انگلش ٹیم کی قیادت کریں گے، ان کی انجری کے بعد ٹیم میں واپسی ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ انگلش سکواڈ میں ریحان احمد، گس ایٹکنسن، شعیب بشیر، ہیری بروک، برائیڈن کارس، جارڈن کاکس، ذیک کرالی، بین ڈکٹ، جوش ہل، جیک لیچ، اولی پوپ، میتھیو پاٹس، جو روٹ، جیمی سمتھ، اولی سٹون اور کرس ووکس شامل ہیں۔ واضح رہے کہ انگلینڈ اور پاکستان کے درمیان اکتوبر میں 3 ٹیسٹ میچ کی سیریز شیڈول ہے، کراچی کے سٹیڈیم کے تعمیراتی کاموں کی وجہ سے پاک انگلینڈ سیریز کے وینیو کی تبدیلی کی خبریں سامنے آئیں تھیں۔ تاہم پاکستان کرکٹ بورڈ نے سیریز کے نئے شیڈول کا اعلان کرنا ہے، توقع ہے کہ پی سی بی سیریز کا شیڈول رواں ہفتے کے آخر تک اعلان کر دے گا۔

کس ملک میں کرکٹ کا ٹیلنٹ ختم ہوگیا ہے، سارو گنگولی کا پاکستانی ٹیم کی ناقص کارکردگی پر تبصرہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ کے سابق چیئرمین سارو گنگولی نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے نشاندہی کی ہے کہ کس ملک میں کرکٹ کا ٹیلنٹ ختم ہوگیا ہے۔ سابق کپتان انڈین کرکٹ ٹیم سارو گنگولی پاکستان کی موجودہ کرکٹ ٹیم کی پرفارمنس پر نہایت حیران نظر آئے اور انھوں نے نہایت بے رحمی سے گرین شرٹس کی پرفارمنس تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں ٹیلنٹ تقریباً ختم ہوتا ہوا دکھ رہا ہے۔ سارو گنگولی نے کہا کہ میں اس ملک میں ٹیلنٹ کی حقیقی کمی دیکھ رہا ہوں، جب بھی ہم پاکستان کے بارے میں سوچتے ہیں، ہمیں میانداد، وسیم، وقار، سعید انور، محمد یوسف اور یونس خان یاد آتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ ہمارے لیے پاکستان کی یادداشت ہے، لیکن یہ کرکٹ کی جدید نسل میں نظر نہیں آ رہا۔

مختلف فیڈریشنز کو دیے جانیوالے فنڈز کی تفصیلات جاری

مالی سال 2023/24 میں مختلف فیڈریشنز اور کھلاڑیوں میں 50 کروڑ سے زائد

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان اسپورٹس بورڈ نے گزشتہ 5 سال کے دوران مختلف فیڈریشنز اور اتھلیٹکس کو ایک ارب سے زائد کے فنڈز دیے، پی ایس بی نے مالی سال 2019/20 سے لے کر مالی سال 2023/24 تک کے فنڈز کی تفصیلات ویب سائٹ پر جاری کی ہیں جس کے تحت بورڈ سے جاری فنڈز کا بڑا حصہ گزشتہ 2 سال میں دیا گیا ہے، پی ایس بی دستاویزات کے مطابق مالی سال 2023/24 میں مختلف فیڈریشنز اور کھلاڑیوں میں 50 کروڑ سے زائد، 2022/23 کے دوران 42 کروڑ سے زائد، 2020/21 میں سوا 4 کروڑ، 2021/22 میں فیڈریشنز کو 6 کروڑ 95 لاکھ اور 2019/20 میں صرف ڈھائی کروڑ جاری کیے گئے، دستاویزات میں بتایا گیا ہے کہ پی ایس بی سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کو 5 سال میں 10 کروڑ 36 لاکھ، پچھلے مالی سال پی ایچ ایف کو 5 کروڑ 90 لاکھ سے زائد اور اتھلیٹکس فیڈریشن کو 10 کروڑ سے زائد دیے گئے، اسی طرح مالی سال 2023/24 میں والی بال فیڈریشن کو 10 کروڑ کی گرانٹ جاری کی گئی جب کہ گزشتہ 5 سال میں والی بال فیڈریشن کو ساڑھے 11 کروڑ سے زائد فنڈز ملے۔ پی ایس بی نے ایتھلیٹ فیڈریشن پاکستان کو مالی سال 2023/24 میں 7 کروڑ، نیٹ بال فیڈریشن کو 5 سال میں 7 کروڑ اور نیٹ بال فیڈریشن کو پچھلے 2 سال میں ساڑھے 6 کروڑ، تائی کوانڈو فیڈریشن کو 5 سال میں 6 کروڑ اور ٹینس فیڈریشن کو 4 کروڑ 86 لاکھ روپے کی فنڈنگ دی، اسکواش فیڈریشن کو گزشتہ 5 سال کے دوران 5 کروڑ، رائفل ایسوسی ایشن کو 2 کروڑ 65 لاکھ، باکسنگ فیڈریشن کو 3 لاکھ، پاکستان بلیئرڈ اینڈ اسنوکر ایسوسی ایشن کو پچھلے 5 سال میں 2 کروڑ 7 4لاکھ اور سائیکلنگ فیڈریشن کو پونے 4 کروڑ کے لگ بھگ فنڈز ملے۔

آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ آج شروع ہوگا، کانٹے دار مقابلے متوقع

قدیم ثقافتی رنگ اجاگر کرنیوالا کبڈی ٹورنامنٹ گاؤں پاسیاں والا میں چار دن جاری رہے گا

راجووال (این این آئی) آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ آج 12 ستمبر کو شروع ہو رہا ہے جو چار دن جاری رہے گا، پنجاب بھر سے ٹیموں کی آمد شروع۔ تفصیلات کے مطابق قدیم ثقافتی رنگوں کو اجاگر کرنے اور پنجابی لوک ورثہ کا مشہور زمانہ کھیل کبڈی کا سلسلہ جاری رکھنے کیلئے ایک بڑا ایونٹ آج آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ مینجمنٹ کمیٹی کے زیر اہتمام 7/1AL بی اے پاسیاں والا اختر آباد میں منعقد کیا جا رہا ہے، ٹورنامنٹ کمیٹی اور این این آئی کے مطابق پنجاب کے اس سب سے بڑے آل پنجاب کبڈی ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح آج 12 ستمبر کو کیا جائیگا اور فائنل میچ 15 ستمبر کو کھیلا جائیگا جسکے تمام انتظامات کو حتمی شکل دیدی گئی ہے، اس عظیم الشان ٹورنامنٹ میں پاکستان کے نامور کبڈر اپنی طاقت اور فن کے جوہر دکھائیں گے، احسن کارکردگی کے حامل کھلاڑیوں پر لاکھوں کے انعامات کی بارش کی بھی کی جائے گی تاکہ انکی حوصلہ افزائی ہو سکے اور وہ اس صحت مند سرگرمی کو جاری رکھ سکیں، پاکستان کی قدآور صحافتی، سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات بطور مہمان خاص شرکت کریں گی، پاکستان بھر سے شائقین کبڈی بھرپور انجوائے کریں گے، اس سلسلہ میں اہل علاقہ میں جوش وخروش پایا جا رہا ہے۔

مسلسل 13 فائٹس جیتنے والے پاکستانی باکسر عثمان نے اگلی انٹرنیشنل فائٹ کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان کے پروفیشنل باکسر عثمان وزیر نے اپنی اگلی انٹرنیشنل فائٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ مسلسل 13 فائٹس جیتنے والے پاکستانی پروفیشنل باکسر عثمان وزیر 26 ستمبر کو بھارت کے باکسر کملدیپ جوروال کے ساتھ رنگ میں مدِ مقابل ہوں گے۔ یہ پاک بھارت مقابلہ تھائی لینڈ میں منعقد ہوگا، فائٹ کا اعلان عثمان وزیر نے اسلام آباد میں ایک پریس کانفرنس کے دوران کیا، عثمان وزیر نے اپنے کیریئر میں اب تک مسلسل 13 فائٹس جیتی ہیں اور وہ بھارت کے باکسر کے خلاف کامیابی کے ساتھ اپنے جیت کے سلسلے کو برقرار رکھنے کے لیے پرامید ہیں، دوسری جانب انڈین باکسر کملدیپ جوروال بھی مسلسل 7 فائٹس سے ناقابل شکست ہیں، جو اس مقابلے کو مزید دلچسپ بنا رہا ہے، عثمان وزیر کا ماننا ہے کہ یہ مقابلہ باکسنگ کے شائقین کے لیے ایک سنسنی خیز معرکہ ثابت ہوگا۔

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ، 14 ستمبر کو مزید 7 میچ کھیلے جائیں گے

لندن (اے ایف پی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں 14 ستمبر کو مزید 7 میچوں کا فیصلہ ہوگا، پہلا میچ ساؤتھمپٹن اور مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان سینٹ میری سٹیڈیم، ساؤتھمپٹن میں کھیلا جائے گا، دوسرا میچ برائٹن اینڈ ہوو البیون اور اپسوچ ٹاؤن کی ٹیموں کے درمیان امریکن ایکسپریس سٹیڈیم، فالمر، انگلینڈ میں کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں کرسٹل پیلس اور لیسٹر سٹی کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ سیل ہرسٹ پارک، لندن میں کھیلا جائے گا، چوتھا میچ فلہم اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان کریون کاٹیج، لندن میں کھیلا جائے گا، پانچواں میچ لیورپول اور ناٹنگھم فارسٹ کی ٹیموں کے درمیان اینفلیڈ، لیورپول میں کھیلا جائے گا، چھٹے میچ میں دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی اور برینٹ فورڈ کی ٹیمیں اتحاد سٹیڈیم، مانچسٹر میں پنجہ آزمائی کریں گی جبکہ 14 ستمبر کا ساتواں اور آخری میچ آسٹن ولا اور ایورٹن کے درمیان ولا پارک، برمنگھم میں کھیلا جائے گا۔

بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 21 نومبر سے 3 دسمبر تک پاکستان میں کھیلا جائیگا

افتتاحی تقریب لاہور میں ہوگی، ایونٹ کے میچز لاہور، ملتان اور فیصل آباد میں کھیلے جائیں گے

لاہور (این این آئی) بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 21 نومبر سے 3 دسمبر تک پاکستان میں کھیلا جائے گا۔ بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ ایونٹ میں پاکستان سمیت 7 ٹیمیں شرکت کریں گی، ٹیموں میں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال، جنوبی افریقا اور افغانستان شامل ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے بلائنڈ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کی افتتاحی تقریب لاہور میں منعقد کی جائے گی، ایونٹ کے میچز لاہور، ملتان اور فیصل آباد میں کھیلے جائیں گے۔



Show Biz شوبز کارنر

آڈیشن کیلئے رات 11 بجے بلا کر بولڈ لباس پہننے کا کہا گیا، حرا خان

انٹرویو کا مختصر ویڈیو کلپ ان دنوں مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی معروف اداکارہ حرا خان نے کاسٹنگ فراڈ کا اپنا تجربہ بیان کر کے نئے آنے والے فنکاروں کو ہوشیار کر دیا۔ اداکارہ کا نجی میگزین کو دیے گئے انٹرویو کا مختصر ویڈیو کلپ ان دنوں مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہے۔ وائرل کلپ میں اداکارہ نے کسی کا نام لیے بغیر آڈیشن کے نام پر ہونے والے دھوکے کا قصہ سنایا اور بتایا کہ کس طرح انڈسٹری کے تجربے کار فنکار نے انہیں جعلی آڈیشن کے لیے تجویز کیا اور پھر انڈسٹری کے ایک اور ہدایت کار نے انہیں اس دھوکے سے آگاہ کیا۔

راکھی ساونت خالہ بننے پر خوشی سے نہال، کھلونے خریدتے ویڈیو وائرل

کھلونے خریدنے والی ویڈیو وائرل ہوتے ہی صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئی

ممبئی (این این آئی) جہاں بالی ووڈ کی معروف جوڑی اداکارہ دپیکا پڈوکون اور اداکار رنویر سنگھ اپنی بیٹی کی پیدائش کا جشن منا رہے ہیں، وہیں راکھی ساونت دبئی میں ننھی شہزادی کے لیے کھلونے خریدنے میں مصروف ہیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر راکھی ساونت کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں انہیں دبئی کے شاپنگ مال میں خریداری کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں راکھی ساونت کو یہ کہتے ہوئے بھی سن سکتے ہیں کہ ماسی (خالہ) بننے پر بہت خوش ہوں۔

ملائیکہ اروڑا کی اداکار ارجن کپور سے تعلق ٹوٹنے کے بعد مخفی پوسٹ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ اور آئٹم سونگ کے حوالے سے مشہور ملائیکہ اروڑا نے اداکار ارجن کپور سے تعلق ٹوٹنے کے بعد مخفی الفاظ میں نوٹ شیئر کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا کہ ان لوگوں کو دیکھیں جو آپکی خوشیوں پر خوش اور غم پر دکھی ہوتے ہیں۔ گو کہ ملائیکہ اروڑا نے کیپشن میں کچھ نہیں بتایا، تاہم یہ نوٹ کیا جانا چاہیے کہ یہ پوسٹ ایک ایسے وقت سامنے آئی ہے جب وہ ارجن کپور سے قطع تعلق ہونے کے حوالے سے شہ سرخیوں میں ہیں۔ یاد رہے کہ دونوں کے درمیان چند ماہ قبل تعلقات ختم ہو گئے ہیں لیکن اسکے باوجود ملائیکہ نے اپنے انسٹاگرام اسٹوری پر پیر کو مذکورہ بالا مخفی لفظوں پر مبنی نوٹ شیئر کیا۔ نوٹ میں ان لوگوں کے بارے میں بات کی گئی جن کی قدر کی جانی چاہیے اور وہ کسی کے دل میں ایک خاص مقام کے مستحق ہوتے ہیں۔

ہانیہ عامر کیلئے سال 2026 ان کے لیے 'ٹرننگ پوائنٹ' ثابت ہوگا

ہانیہ عامر کے مداحوں نے مارننگ شو میزبان سمیت نجومیوں کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا

کراچی (این این آئی) ہانیہ عامر سے متعلق پیشگوئی کرتے ہوئے ماہرِ نجوم نے کہا کہ ہانیہ عامر بہت اچھی، بہت معصوم انسان ہیں، انہیں پاگل بنانا بہت آسان ہے، وہ بہت جلدی باتوں میں آ جاتی ہیں، سال 2026 ان کے لیے 'ٹرننگ پوائنٹ' ثابت ہوگا، دعا ہے یہ مثبت ہو، ہانیہ عامر کی زندگی میں کچھ بہت بڑا ہونے والا ہے۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد ہانیہ عامر کے مداحوں نے مارننگ شو میزبان سمیت نجومیوں کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا۔

چنکی پانڈے نے 43 سال بعد ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس

چنکی پانڈے جلد ہی اپنی نئی فلم 'انڈسٹری' میں نظر آئیں گے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے مشہور اداکار چنکی پانڈے نے 43 سال بعد آخر کار ڈرائیونگ ٹیسٹ پاس کرلیا، جس کی خوشخبری انہوں نے انسٹاگرام پر شیئر کی۔ چنکی پانڈے نے انسٹاگرام پر ایک تصویر شیئر کی جس میں وہ کار میں بیٹھے اسٹیئرنگ وہیل کو دونوں ہاتھوں سے پکڑے مسکرا رہے ہیں جبکہ ان کے ساتھ ریجنل ٹرانسپورٹ آفس کا ایک افسر بھی موجود ہے۔ اداکار نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے لکھا، '43 سال بعد دوبارہ ڈرائیونگ ٹیسٹ دیا، اور آپ یقین نہیں کریں گے، میں پاس ہوگیا۔

سلمان خان نے ''پھر ملیں گے'' میں بغیر معاوضہ کام

ایڈز جیسے سنگین موضوع پر آگاہی پھیلانا پورے بھارت بالخصوص نوجوانوں کیلئے ضروری تھا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار سلمان خان نے اپنے فلمی کیریئر میں مختلف النوع کردار ادا کیے ہیں لیکن ان کی فلم 'پھر ملیں گے' میں ایک ایچ آئی وی ایڈز کے مریض کا کردار بھی یادگار بن گیا۔ یہ فلم اداکارہ اور ہدایتکارہ رویتی نے ڈائریکٹ کی تھی۔ حال ہی میں فلم کے پروڈیوسر شیلندر سنگھ نے انسٹاگرام پر ایک ویڈیو شیئر کی جس میں انہوں نے انکشاف کیا کہ جب پوری بالی ووڈ انڈسٹری انکار کر رہی تھی تب سلمان خان نے یہ کردار بغیر کسی معاوضے کے قبول کیا۔ انکا کہنا تھا کہ ایڈز جیسے سنگین موضوع پر آگاہی پھیلانا پورے بھارت بالخصوص نوجوانوں کیلیے ضروری تھا۔ انہوں نے کہا کہ لیکن مجھے جلد ہی احساس ہوا کہ سینما معاشرے کا آئینہ ہے اور ہر بھارتی کے دل کی دھڑکن بھی ہے۔

میری شادی کا جوڑا جل گیا تھا، سعدیہ امام کا انکشاف

شاٹ سرکٹ کے باعث پورا کارخانہ جل گیا تو میری شادی کا جوڑا بھی جل گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سعدیہ امام نے انکشاف کیا ہے کہ ان کی شادی کا جوڑا تیاری کے وقت جل گیا تھا۔ سعدیہ امام نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی شادی کے جوڑے کی تیاری کے وقت پیش آنے والے حادثے کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے بتایا کہ میں اس وقت کپڑوں کا کاروبار کرتی تھی اور اپنی شادی کا جوڑا بھی میں خود ہی بنوا رہی تھی تو جب کارخانے میں میری شادی کا جوڑا تیار ہو رہا تھا کہ اس دوران شاٹ سرکٹ ہوا اور پورا کارخانہ جل گیا تو میری شادی کا جوڑا بھی جل گیا۔

بقیہ 1

12 ربیع الاول کے حوالے سے ضلعی انتظامیہ اور پولیس کی جانب سے کئے جانے والے انتظامی و حفاظتی اقدامات بارے جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے کہا کہ 12 ربیع الاول کے جلوسوں کے روٹس کی صفائی و سیوریج کے نظام کی بہتری، تجاوزات کے خاتمے سمیت سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ جلوسوں کے وقت کو نظم و ضبط کے ساتھ رکھا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ 12 ربیع الاول شان رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم منا کر ہم پوری دنیا کو پیغام دے رہے ہیں کہ ہم عظیم پیغمبر حضرت محمد ﷺ کے امتی ہیں، آپ ﷺ کی تعلیمات اور سیرت طیبہ ہمارے لئے وہ روشنی ہے جس پر عمل پیرا ہو کر ہم اپنی زندگی کو اسلام کے اصولوں کے مطابق گزار سکتے ہیں اور یہی امر ہمارے لئے آخرت میں کامیابی کی سیڑھی ہے۔ ضلعی پولیس 12 ربیع الاول کے موقع پر ضلع بھر میں چوکس رہیگی اور جلوسوں کو بھرپور سیکورٹی فراہم کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھے گی۔

بقیہ 2

ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں اردل روم کا انعقاد کیا، جس میں پولیس افسران نے شرکت کی، اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل سی ٹی او اسلام آباد کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے باقی مسائل کے حل کے لئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے، اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیس ملازمین کی ویلفیئر کے لئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں، آپ کو کسی بھی قسم کا مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کا دروازہ آپ کے لئے ہمیشہ کھلا ہے، ہم سب نے مل کر اس شہر کی بہتری میں اپنا کردار ادا کرنا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کی ویلفیئر، ذاتی و سرکاری مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ان کے مورال کو بلند کرنا ہے

بقیہ 3

گا۔ قوانین میں ترمیم کے بعد ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے اختیارات میں مزید اضافہ کیا جائے گا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی بلیک لسٹ فوڈ آپریٹرز کے بزنس کو 6 ماہ سے زائد عرصہ تک سربمہر کر سکے گا۔ رجسٹرڈ فوڈ بزنس کے نام پر جعل سازی، پیکنگ وغیرہ کرنے والوں کے خلاف بھی فوجداری مقدمات کا اندراج کیا جائے گا، فوڈ آئٹمز کی درآمد کے وقت بھی فوڈ کے معیار کا جائزہ لیا جائے گا، فوڈ میں شامل اجزاء، تاریخ اجراء، تنسیخ سمیت دیگر کی لیبلنگ کرنا بھی لازمی ہوگا۔

بقیہ 4

میں فری سفری سہولیات دینے جارہی ہے، ذرائع کیمطابق ملتان اور راولپنڈی میٹرو بس واورنج لائن ٹرین میں مفت سفری سہولیات کی فراہمی کی جائیگی، محکمہ ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ اتھارٹی نے عملدرآمد کی تیاری پکڑ لی۔ بزرگوں، اسٹوڈنٹس اور اسپیشل پرسن کیلیے ماس ٹرانزٹ سسٹم پر مفت سفر کیلئے سمری کابینہ کمیٹی برائے خزانہ کو ارسال کردی گئی ہے، سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس میں آج سمری کی منظوری دی جائیگی۔

بقیہ 5

اور جھنگ میں محسوس کیے گئے، ساہیوال، چیچہ وطنی، پھولنگر، میانوالی، تلہ گنگ، چکوال، جہانیاں، ظفروال، بھیرہ، خوشاب اور میاں چنوں میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ اس کے ساتھ ملتان، ڈیرہ غازی خان، گوجرانوالہ، ننکانہ صاحب، لودھراں، دنیاپور، کہروڑ پکا اور گردونواح میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ادھر پشاور، ڈیرہ اسمعیل خان اور گردونواح میں بھی زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے جانے کی اطلاعات موصول ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق زلزلے کے جھٹکوں کے باعث شہریوں میں خوف وہراس پھیل گیا اور وہ گھروں، دکانوں سے باہر نکل آئے۔ زلزلے سے تاحال کسی جانی و مالی نقصان کی اطلاعات موصول نہیں ہوئی ہیں۔ واضح رہے کہ 3 روز قبل سوات سمیت خیبر پختونخوا کے کچھ اضلاع میں 4.5 شدت کے زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے تھے۔

بقیہ 6

اور تحریک انصاف میں جعلی حکومت اور وزراء پارلیمنٹ کی بے توقیری پر بھی خوش ہیں، جعلی حکومت کے جعلی اور درباری وزراء سے یہی توقع کی جاسکتی ہے۔ بیرسٹر ڈاکٹر سیف کا کہنا تھا کہ جعلی حکومت کچھ بھی کرلیں مگر غیر قانونی ترامیم پاس نہیں ہونے دیں گے، جعلی حکومت 9 مئی کے فالس فلیگ آپریشن پر بہت واویلا مچاتے ہیں مگر اپنے گھر پارلیمان کی بے توقیری پر خوش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جعلی وزراء 9 مئی کے ڈرامے پر مگرمچھ کے آنسو بہانا بند کریں، آج اصلی حکومت ہوتی تو پارلیمان کی اس طرح بے توقیری کبھی نہ ہونے دیتی، سپیکر ایاز صادق آئیں بائیں شائیں سے کام نہ لیں پارلیمنٹ پر حملہ کرنے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کریں۔ صوبائی مشیر اطلاعات نے کہا کہ پارلیمنٹ پر شب خون مارنے والوں کے خلاف آرٹیکل 6 کے تحت کاروائی کرنی چاہیے، پارلیمان کی بے توقیری کا پورا پورا احساب لیا جائیگا۔

بقیہ 7

اشیاء کی حفاظت، میڈیا اور مواصلات، اور M&E پر ذیلی گروپ بارے آگاہی دی گئی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب ثمن رائے نے شرکاء کو صوبہ بھر میں بہبود آبادی کے کامیابی سے پروگراموں بارے بریفنگ بھی دی۔ شرکاء نے پنجاب میں کامیابی سے جاری مختلف پروگراموں کو بے حد سراہا۔

بقیہ 8

پیر کی صبح چھوڑ دیا گیا ہے۔ عدالت نے پولیس حکام سے سوال کیا کہ آپ نے فیضان سے کوئی تفتیش کی، کون لے گیا اور کہاں گیا۔ پولیس حکام نے عدالت کو بتایا کہ جی ابھی تفتیش نہیں کی، ایک ویڈیو اپ لوڈ ہوئی تھی۔ عدالت نے سوال کیا کہ وہ ویڈیو کہاں سے اپ لوڈ ہوئی تھی؟ پولیس حکام نے عدالت کو بتایا کہ اس سے متعلق آئی ٹی والوں سے رابطہ کیا ہے۔ جسٹس بابر ستار نے کہا کہ 4 روز ہوگئے آپ تفتیش نہیں کر سکے۔

بقیہ 9

پروگرام 2024-25 میں نارووال کرتارپور کوریڈور سکیم پر اتفاق کیا گیا۔ میانوالی سے سی پیک انٹرچینج داؤدخیل میں ایڈیشنل کیرج وے کی تعمیر کا جائزہ لیا گیا۔ پولیس شہداء کے اہل خانہ کے گھروں کے لئے گرانٹ بڑھانے اور سالانہ ترقیاتی پروگرام 2024-25 میں روڈز کے میگا پراجیکٹس کی منظوری دی گئی۔ دہلی ملتان روڈ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سمیت 3 روڈز کو دو رویہ بنانے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے ملتان وہاڑی روڈ دو رویہ سڑک بنانے کی ہدایت کی۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے کہا کہ عوام کی سہولت دیکھیں گے، سنگل روڈ بن بھی گیا تو ٹریفک کے مسائل برقرار رہیں گے۔ مالی سال 2023-24 میں چار ڈرین کے لئے سپلیمنٹری گرانٹ کے تحت فنڈز کی درخواست کی منظوری دی گئی۔ برقی روڈ تا ہڈیارہ ڈرین سیوریج لائن بچھنے سے نکاسی آب کا نظام بہتر ہوگا۔ کچی آبادیوں اور زرعی زمین کو سیلاب کی وجہ سے زمینی کٹاؤ سے بچانے کے لئے فلڈ پروٹیکشن بند کی منظوری دی گئی۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے ہر سال آنے والے سیلاب سے مستقل بچاؤ کے لئے پائیدار اقدامات کرنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلی نے کہا کہ ہر سال سیلاب کی وجہ سے نقصان نااہلی کے مترادف ہے۔ کابینہ نے بچوں کی ایمرجنسی کیئر کی بہتری کے لئے چائلڈ لائف فاؤنڈیشن کے لئے گرانٹ ان ایڈ کی منظوری دی۔ پنجاب میں ریٹرو ریفلکٹو نمبر پلیٹز مہیا کرنے کی منظوری دی گئی۔ محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی میں ڈیجیٹل کمیونیکیشن سیل کو سٹریٹجک کمیونیکیشن سیل میں تبدیل کرنے، مری میں بائیوڈیورسٹی پارک مری سکیم کی اپ گریڈیشن کے لئے فنڈز اور بانسرہ گلی زوالوجیکل گارڈن کی ریویمپنگ کی سکیم کی شمولیت کی منظوری بھی دی گئی۔ مری ڈویلپمنٹ پلان کی منظوری دی گئی، مری کے واٹر سپلائی سسٹم کو بہتر بنایا جائے گا۔ مری ڈویلپمنٹ پلان کے تحت نرسریز بوٹینیکل گارڈن اور پارکس کی اپ گریڈیشن اور مری میونسپل کارپوریشن کے لئے 137.5 ملین روپے کی سپلیمنٹری گرانٹ کے اجرا، مری میں سپیشل برانچ کے ڈسٹرکٹ آفس کی تعمیر کے پراجیکٹ، ڈسٹرکٹ مری میں واٹر سپلائی، ڈرینج، سٹریٹ لائٹس، گلیوں اور روڈز کی تعمیر و بحالی اور تزئین و آرائش، سپیشل برانچ ہیڈ کوارٹر، رابرٹس کلب لاہور کی اپ گریڈیشن اور پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ میں 274 ٹیکنیشن کی بھرتی کی منظوری دی گئی۔ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ اینڈ میڈیکل ایجوکیشن کے ہسپتالوں میں الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی بھرتی پر اتفاق کیا گیا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ کے ٹرانسپورٹ پلاننگ یونٹ میں خالی آسامیوں پر بھرتی میں نرمی، پنجاب سول پروٹیکشن اتھارٹی کی 3 خالی آسامیوں پر بھرتی میں نرمی اور شفافیت کے لئے محکمہ جنگلات میں ڈیلی ویجز ملازمین کو نقد کی بجائے پنجاب بینک کے ذریعے برانچ لیس ادائیگی کی منظوری دی گئی۔ میاں چنوں ضلع خانیوال کے چک نمبر 44/15L میں میزائل واقعہ کے متاثرین کی مالی امداد، ایگریکلچر آفیسر محمد میثم عباس کے علاج معالجے کی درخواست، ضیاء الرحمان کی والدہ کے مفت علاج معالجے کی درخواست، بشارت حسین کی زوجہ شہناز اختر کے علاج معالجے کے لئے مالی معاونت، اہلمد سیشن ڈویژن طاہر عباس مرحوم کے والد مصری خان کے علاج معالجے کے لئے 15 لاکھ 81 ہزار روپے کی ری ایمبرسمنٹ کی منظوری بھی دی گئی۔ مالی سال 2024-25 کے پی ایس ڈی پی اے کے لیپس فنڈ 443.301 ملین روپے کی ازسرنو توثیق، پی ایس ڈی پی پراجیکٹس کے لئے وفاقی حکومت سے وصول شدہ فنڈز کی سپلیمنٹری گرانٹ، پاکستان ایئر فورس کے ساتھ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال فورٹ منرو ڈی جی خان کے معاہدے کی تجدید کی منظوری دی گئی۔ سینئر منسٹر مریم اورنگزیب، صوبائی وزیر مجتبی شجاع الرحمن، چیف سیکرٹری، آئی جی پولیس، چیئرمین پی اینڈ ڈی، سیکرٹریز اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 10

قیمتوں میں عدم استحکام ہے اور اسی وجہ سے مہنگائی رکنے کا نام نہیں لے رہی۔ 260 روپے کلو میں ملنے والی دال ماش اب 400 روپے کلو میں فروخت کی جارہی ہے، 290 کی دال مونگ 380 روپے، 450 روپے کلو والا گھی 480 روپے، 280 روپے کلو والے چاول 340 روپے کلو، 340 روپے والی شیمپو کی بوتل 380 روپے اور 75 روپے میں ملنے والا دودھ کا ڈبہ 95 روپے کا ہوگیا ہے۔ اس کے علاوہ مرغی کا گوشت 700 روپے اور گائے کا گوشت 1200 روپے تک پہنچ گیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت کے اعداد وشمار کا عام آدمی کے بجٹ سے کوئی تعلق نہیں۔ اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں اضافہ اپنی جگہ لیکن ایسے میں ادویات ہوں، درسی کتب یا کپڑے جوتے، ہر چیز کی قیمتوں میں اضافہ ہورہا ہے جب کہ کنسٹرکشن کے کام میں استعمال ہونے والی سیمنٹ، بجری اور سریے سمیت ہر چیز میں اضافے سے کنسٹرکشن انڈسٹری بھی متاثر ہے۔ تاجر کہتے ہیں کہ حکومتی ٹیکسز کا بوجھ بلاآخر عام آدمی پر ہی پڑتا ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ماہ اگست میں مہنگائی کی شرح 9.6 فیصد یعنی سنگل ڈیجٹ پر آنے کے اعداد وشمار اپنی جگہ لیکن ہر ماہ اگر یہی سنگل ڈیجٹ مہنگائی کا تناسب بھی رہا تو عام آدمی کی قوت خرید دم توڑ جائے گی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ حکومت ٹیکسز میں کمی کرکے بڑھتی ہوئی مہنگائی کو روکنے کے لیے اقدامات اٹھا کر عام آدمی کو ریلیف فراہم کرنے کے اقدامات اٹھائے۔

بقیہ 11

سٹاف، ریلیف ٹرین سٹاف، آرٹی ایل سٹاف، پاور وین سٹاف، کیرج سٹاف اور انجینئرنگ سٹاف سمیت ریلوے کی تمام کیٹگریوں کو سابقہ طریقہ کار کے مطابق ہی اوور ٹائم اور ٹی اے دیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان ریلوے پریم یونین کے مرکزی صدر شیخ محمد انور کی قیادت میں ان سے ملنے والے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، وفد میں چیف آرگنائزر خالد محمود چوہدری، عبدالقیوم اعوان، فیاض شہزاد، حاجی عبدالعزیز مدنی، جنید خرم، رانا محمد اعظم شامل تھے جنہوں نے مسائل کی نشاندہی اور انکے حل کیلئے سی ای او ریلوے عامر بلوچ اور سی پی او اطہر ریاض سے ملاقات کی اور انہیں ملازمین کے ٹی اے، اوور ٹائم میں کٹوتی و دیگر مطالبات سے آگاہ کیا تھا۔ این این آئی کے مطابق اس موقع پر سی ای او ریلوے عامر بلوچ نے وفد کو یقین دہانی کروائی کہ کسی ریلوے مزدور کی حق تلفی نہیں ہوگی جس پر شیخ محمد انور اور وفد نے سی ای او ریلوے عامر بلوچ اور سی پی او اطہر ریاض کے اس مزدور دوست فیصلہ پر ان کا شکریہ ادا کیا، شیخ محمد انور نے ریلوے مزدوروں کو بھی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پریم یونین نے ہمیشہ ریلوے ملازمین کی فلاح و بہبود کو اپنی اولین ترجیح دی ہے، ریلوے ملازمین اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھیں، پریم یونین ملازمین کے جائز حقوق کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 12

آئس برآمد ہوئی۔ پارسل راولپنڈی کے رہائشی کی جانب سے بک کروایا گیا تھا۔ ملزم کی گرفتاری کے لیے کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 13

شیر افضل، محمد احمد چھٹہ، زبیر خان وزیر، اویس حیدر جکھڑ، سید شاہ احد علی شاہ، نسیم علی شاہ، محمد یوسف خان شامل۔ پروڈکشن آڈر قومی اسمبلی کے موجودہ جاری اجلاس کیلئے جاری کیے گئے ہیں۔ اسپیکر نے پروڈکشن آڈر قومی اسمبلی کے قواعد وضوابط کے طریق کار 2007 کے قاعدہ 108 کے تحت تفویض شدہ اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے جاری کیے ہیں۔ قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد کو مراسلہ جاری۔ مراسلے میں زیرحراست ممبران قومی اسمبلی کو قومی اسمبلی کے رواں اجلاس میں شرکت کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے

بقیہ 14

بلوچستان شاہد رند نے تربت بم دھماکے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت نے تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ شاہد رند کا کہنا تھا کہ محکمہ داخلہ کو تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے، بم ڈسپوزل اسکواڈ کی ٹیم موقع پر پہنچ گئی، نوعیت کا تعین کیا جارہا ہے۔ ترجمان نے مزید بتایا کہ زخمیوں کو بہتر طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

بقیہ 15

نوازشریف نے پولیس اہلکاروں کو اے پی سی، بلٹ پروف گاڑیاں اور بلٹ پروف جیکٹیں فوری طور پر دینے کا حکم دیا۔ سرحدی پوسٹوں پر تعینات پولیس اہلکاروں کی خصوصی ٹریننگ کرانے کی ہدایت کی۔ بارڈر سیکورٹی چیک پوسٹوں کو مزید مضبوط اور بہتر بنانے کا حکم دیا۔ بارڈر ملٹری پولیس کی تشکیل نو اور جدید ٹریننگ کی ہدایت کی۔ ڈیوٹی پر موجود پولیس فورس کو باڈی کیم لگانے کا اصولی فیصلہ کیا گیا۔ ناجائز اسلحہ کے خاتمے کے لئے مہم مزید تیز کرنے کا حکم دیا گیا۔ آن ڈیوٹی پولیس اہلکاروں کے سوشل میڈیا اور کیمرے کے استعمال کرنے پر سخت پابندی عائد کردی گئی۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے کہا کہ پنجاب کے عوام کے جان ومال کا تحفظ اولین ذمہ داری ہے۔ عوام کے تحفظ کے لئے جو کچھ بھی کرنا پڑا ضرور کیا جائے گا۔ جرائم پیشہ اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔ پولیس جرم سرزد ہونے کا انتظار کیے بغیر پیشگی ایکشن کی اہلیت پیدا کرے۔ عوام کی جان ومال کی حفاظت کے لئے جو کچھ بھی کرنا پڑا کریں گے۔ پولیس چیک پوسٹوں پر حملہ آوروں کو اس قدر سخت جواب دیا جائے کہ وہ دوبارہ حملے کی جرأت نہ کریں۔ پولیس چیک پوسٹوں کے درمیان پولیس پٹرولنگ کا انتظام کیا جائے۔ اجلاس میں پولیس کو ایک ارب روپے کی گرانٹ کی منظوری بھی دی گئی۔ سینئر صوبائی منسٹر مریم اورنگزیب، صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمی زاہد بخاری، ایم پی اے ثانیہ عاشق، بریگیڈئر (ر) بابر علاؤالدین، چیف سیکرٹری، ہوم سیکرٹری، آئی جی پولیس، ایڈیشنل آئی جی اور دیگر پولیس حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 16

اور پنجاب ڈویلپمنٹ آف سٹیز ایکٹ 1976 اور آر ڈی اے بلڈنگ اینڈ زوننگ ریگولیشنز 2021 کی خلاف ورزی کی اور بغیر منظوری اور این او سی کے غیر قانونی کمرشل عمارات تعمیر کیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے نے ایل یو اینڈ بی سی ونگ کو ہدایت کی ہے کہ وہ تجاوزات، غیر قانونی وغیر مجاز تعمیرات اور کمرشل سرگرمیوں کے خلاف بلاخوف و خطر کے سخت کارروائی جاری رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی جی آر ڈی اے نے بلڈنگ کنٹرول ونگ کو یہ بھی ہدایت کی ہے کہ وہ غیر قانونی رہائشی اور کمرشل عمارتوں کی منظوری، کمرشلائزیشن، تکمیلی نقشہ جات، عمارتوں کے منصوبوں کی منظوری کے لئے فیس اور چارجز کے حوالے سے سروے کریں اور کنٹرولڈ ایریا میں تمام غیر قانونی رہائشی کمرشل عمارتوں کو ریگولرائز کریں۔

بقیہ 17

بٹھایا بلکہ اجلاس میں تھا اور جیمر کی وجہ سے رابطہ نہ ہوسکا تو اہل خانہ اور ساتھیوں میں تشویش پھیل گئی۔ وزیراعلی کا کہنا تھا کہ سنگجانی جلسے میں کہے اپنے الفاظ پر قائم ہوں، اسے پیچھے ہٹوں گا نہ ہی معافی مانگوں گا، بانی پی ٹی آئی نے میرے مؤقف کی تائید کی ہے اب جسے مخالفت کرنی ہے کرلے۔ اجلاس میں وزیراعلی کے اٹل لہجے کی وجہ سے ارکان بھی ان کے ہم نوا ہوگئے اور سب نے وزیراعلی علی امین گنڈاپور کے مؤقف کی حمایت کردی اور مستقبل کے جلسوں میں بھی سخت مؤقف اپنانے پر اتفاق کیا گیا۔

بقیہ 18

احتساب عدالت میں سابق وزیراعلی پنجاب حمزہ شہباز کی ایک روزہ حاضری معافی کی درخواست دائر کی گئی جس کو عدالت نے منظور کرلیا۔ دائر درخواست میں وکلا نے موقف اختیار کیا کہ حمزہ شہباز کمر کی تکلیف کے باعث پیش نہیں ہوسکتے، ڈاکٹرز نے حمزہ شہباز کو بیڈ ریسٹ کا مشورہ دے رکھا ہے، حمزہ شہباز کا میڈیکل سرٹیفکیٹ بھی عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت عدالت میں وکلاء نے موقف اختیار کیا کہ سپریم کورٹ نیب ترامیم بحالی کے فیصلہ کے بعد ریفرنس قابل سماعت نہیں، احتساب عدالت کو اس ریفرنس کی سماعت کا اختیار نہیں رہا۔ رمضان شوگر ملز ریفرنس کو واپس نیب کو بھجوانے کا عمل شروع ہوگیا، عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ملزمان رمضان شوگر ملز ریفرنس واپس نیب کو بھجوانے کیلئے درخواستیں دائر کریں، آئندہ سماعت پر ریفرنس واپس بھجوانے کی درخواستوں پر سماعت ہو گی۔ احتساب عدالت نے ریفرنس پر مزید سماعت یکم اکتوبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 19

اس سے پہلے ہماری ایک تلخ تاریخ رہی تھی، دونوں جماعتوں نے آئین کی بحالی اور جمہوریت کی مضبوطی کیلئے مئی 2005 میں میثاق جمہوریت پر دستخط کئے، اس کے بعد دیگر تمام سیاسی جماعتوں کو بھی دعوت دی گئی، اس میں عمران خان خود موجود تھے، اس دستاویز کی تمام جماعتوں نے توثیق کی۔ انہوں نے کہا کہ اگر ہم آپس میں الجھتے رہیں گے تو پارلیمان کا وقار مجروح ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دور حکومت میں اگر پروڈکشن آرڈرز جاری نہیں ہوئے تو ضروری نہیں کہ اب جاری نہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جس کمیٹی کی بات ہورہی ہے وہ اس کمیٹی کی تائید کرتے ہیں، ہمیں کھلے دل سے دیکھنا چاہئے کہ وہ ملک جو 2017 تک دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت تھا وہ 2022 میں 47 ویں معیشت کیسے بنا۔ ہمیں دیکھنا چاہئے کہ انسداد دہشت گردی پر اربوں ڈالر خرچ ہوئے اور دہشت گردی ختم ہوئی تو کیا وجوہات ہیں کہ وہ دہشت گردی دوبارہ تیزی کے ساتھ سر اٹھا رہی ہے، ہمیں اس کا تجزیہ کرنا چاہئے۔ پروڈکشن آرڈر سپیکر کا استحقاق ہے، سپیکر تمام جماعتوں کی کمیٹی بنائے اور کیلئے جینوین ٹی او آرز دیں تاکہ ملکی مسائل کے حل کیلئے کسی راستے کا تعین ہوسکے۔ حکومت اس ضمن میں مکمل معاونت فراہم کرے گی۔

بقیہ 20

انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے شعیب شاہین کی درخواست ضمانت منظور کی۔ شعیب شاہین کے خلاف تھانہ سنگجانی اور تھانہ نون میں بھی مقدمات درج کیے گئے تھے، ان مقدمات کے باعث ضمانت منظور ہونے کے باوجود شعیب شاہین کی رہائی ممکن نہیں ہے۔ گزشتہ روز اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے تھانہ سنگجانی میں درج مقدمے جسمانی ریمانڈ پر پولیس کے حوالے کیا تھا جب کہ تھانہ نون میں درج مقدمے میں شعیب شاہین کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا تھا۔ شعیب شاہین سمیت پی ٹی آئی کے رہنماؤں وکارکنان کے خلاف تھانہ نون میں درج مقدمے کی کاپی سامنے آئی تھی۔ پولیس نے تعزیرات پاکستان کی 10 دفعات کے تحت ملزمان اور نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کیا تھا، مقدمہ میں انسداد دہشت گردی کی دفعات سمیت پولیس پر حملے اور گاڑیوں کی توڑ پھوڑ کی دفعات بھی شامل ہیں۔ فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) کے متن کے مطابق محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) کی نفری جی ٹی روڈ پر 26 نمبر پل پر موجود تھی کہ اسی دوران قریب موجود لوگوں کا ہجوم ریاست مخالف نعرے بازی کررہا تھا جو کہ ترنول پل کے اوپر آیا۔ ایف آئی آر کے مطابق پی ٹی آئی کارکنان زبیر خان کی قیادت میں پارٹی پرچم اٹھائے ہوئے تھے اور ان کے ہاتھوں میں ڈنڈوں، نوکیلے پتھر اور سریے کے راڈ تھے۔ درج مقدمہ میں کہا گیا تھا کہ پولیس کی جانب سے وجہ دریافت کرنے پر زبیر خان نے بتایا کہ سینئر مقامی قیادت جن میں شعیب شاہین اور عامر مغل شامل تھے، کی ہدایت پر 26 نمبر پل کے روڈ کو بلاک کیا گیا، جبکہ ایف آئی آر میں پولیس اہلکاروں کو جان سے مارنے کی نیت سے پتھر مارنا اور آہنی راڈ سے مارنے کی دفعات بھی شامل ہیں۔ ایف آئی آر میں لکھا گیا تھا کہ ملزمان نے پولیس افسران واہلکاروں جن میں انسپکٹر اعجاز علی شاہ، سب انسپکٹر (ایس آئی) غلام سرور نعیمی، اسسٹنٹ سب انسپکٹر (اے ایس آئی) افسر علی، ہیڈ کانسٹیبل (ایچ سی) مشتاق احمد، کانسٹیبل یاسر محمود اور رضوان شامل ہیں، کو زخمی کیا جبکہ 4 پولیس اہلکاروں محمد اعجاز، محمد ریاض، حسن رضا اور یاسر محمود سے جبری طور پر اینٹی رائٹ کٹ چھین لی اور پولیس موبائل کو بھی نقصان پہنچایا۔ ایف آئی آر میں بتایا گیا تھا کہ پولیس کے مطابق آنسو گیس کی شیلنگ کے دوران تمام ملزمان موقع سے فرار ہوگئے تاہم پولیس نے 3 ملزمان کو پہچان لیا، جن کی شناخت سعود افتخار، محمد عارف اور محمد عارف ولد گلزار کے نام سے ہوئی ہے، جو کہ عامر مغل کے قریبی ہیں۔ واضح رہے اسلام آباد پولیس نے گزشتہ روز پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر، شیر افضل مروت اور شعیب شاہین کو اتوار کو ہونے والے جلسے کے بعد ایس او پیز کی خلاف ورزی پر گرفتار کیا تھا۔

بقیہ 21

میں 2 سے 3 روز لگتے ہیں۔

بقیہ 22

کاروکاری کے معاملے پر دو گروپوں میں تصادم ہوا۔ پولیس کے مطابق اس دوران دونوں گروپوں میں دولت آباد میں ہونے والے تصادم کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 5 افراد مارے گئے جن کی لاشیں ہسپتال منتقل کردی گئی ہیں۔ تصادم کی اطلاع ملنے پر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے لیا۔

بقیہ 23

کمال، محمود خان اچکزئی اور عاطف خان کے شکر گزار ہیں، ہمیں بھولنا چاہئے کہ ماضی میں کیا ہوتا رہا، ہماری لیڈرشپ چاہے آپس میں بیٹھے یا نہ بیٹھے مگر کیا ہمارے پارلیمنٹیرینز آپس میں بیٹھ کر میثاق پارلیمنٹ پر اتفاق نہیں کر سکتے، کیا ہم بہتری کی طرف نہیں جاسکتے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں لوگوں کے حقوق اور مسائل کی بات باہر جانے کی بجائے اس ایوان میں کرنا چاہئے، مگر آئین کے دائرہ کار میں رہتے ہوئے بات کرنا چاہئے، جب چیف وہپس کی میٹنگ ہوئی تھی اس میں کہا گیا تھا کہ حکومتی اتحاد کو زیادہ وقت ملنا چاہئے مگر ریکارڈ سے ثابت ہے کہ ہم نے اپوزیشن کو زیادہ وقت دیا ہے کیونکہ اپوزیشن یہاں نہیں بولے گی تو کہاں بولے گی، میں نے اپنے ضمیر اور ذمہ داری کے مطابق اپنا کردار ادا کیا ہے، میں نے قومی اسمبلی میں اوپر سے اقدامات کئے ہیں، سکیورٹی کی ذمہ داری سارجنٹ ایٹ آرمز اور ان کے ساتھ موجود اہلکاروں کی تھی جس پر انہیں معطل کیا گیا۔ سی ڈی اے کے سٹاف کو معطل کیا گیا اور انہیں یہاں سے ٹرانسفر کرنے کی سفارش کی گئی ہے۔ سپیکر نے کہا کہ 17 دسمبر 2018 کو اٹارنی جنرل کے آفس سے خواجہ سعد رفیق کے حوالہ سے ایک مکتوب ہمیں ملا تھا جس میں بتایا گیا کہ پروڈکشن آرڈرز جاری نہیں ہو سکتے، اسی طرح 22 جون 2019 اور 6 اگست 2019 کو بھی ہمیں اس نوعیت کے مکتوب ملے تھے۔ انہوں نے کہا کہ غلط چیزیں کسی چیز کو درست نہیں کرسکتیں، جو بھی مناسب ہوگا میں اپنی ذمہ داریاں ادا کروں گا اور اس واقعہ کی تہہ تک جاؤں گا۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن اور حکومت دونوں کو سپیکر کے ساتھ مل کر بیٹھنا چاہئے۔

بقیہ 24

ہوئے تھے۔ عمران خان کی حکومت اپریل 2022 میں عدم اعتماد کے ووٹ کے نتیجے میں ختم ہوئی، تو یہ تعلقات بھی بکھر گئے۔ یوں جب جنگ چھڑ گئی تو دوستی، آئین اور اخلاقیات کہاں رہیں؟ اس کے بعد تو پاور پلے کا اکھاڑا اٹھل گیا، اور قوم ایک شدید اور خطرناک مقابلے کا مشاہدہ کرنے لگی۔ اس جنگ نما مقابلے میں جائز و ناجائز کا خیال نہیں رکھا گیا۔ یہ قصہ طویل ہے اور ماضی میں طاقتوروں کی غیر آئینی دوستی ہمیشہ زوال کا باعث بنی ہے۔ یہ پاکستان کی تاریخ کا حصہ ہے۔ وجوہات چاہے ہزار ہوں، غیر آئینی تعلقات کا نتیجہ ہمیشہ سیاست دانوں کے لیے سیاسی رسوائی ہی نکلا ہے۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ کا ایک سادہ سبق یہ ہے کہ تمام سیاست دانوں کو مل بیٹھ کر آئین کی روح کے مطابق چارٹر آف ڈیموکریسی بنانا چاہیے تاکہ خود اور ادارے آئینی دائرہ کار میں رہیں۔ آج کل ملک کا بچہ بچہ یہ بات سمجھتا ہے کہ یہ جوڑ توڑ، اتار چڑھاؤ، دوستی اور دشمنی پاکستان اور اس کے عوام کے لیے نقصان دہ ثابت ہوئی ہے۔ بہرحال، آٹھ ستمبر سے جڑے کچھ ایسے اہم اور متضاد حقائق ہیں جو کہ موجودہ سیاسی حالات اور پاور پلے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ ان میں سے پانچ اہم ہیں: جلسے میں عوام کی بھرپور شمولیت، چاہے وہ انفرادی طور پر آئے ہوں یا قافلوں کی صورت میں اور عمران خان کے ساتھ کھڑے رہنا، اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ پی ٹی آئی کا مینڈیٹ اب بھی قائم ہے۔ ایک عینی شاہد کے طور پر یہ کہنا درست ہوگا کہ عمران خان کے 31 مارچ 2022 کے پریڈ گراؤنڈ کے جلسے کا جوش و خروش اور شرکت آٹھ ستمبر کو بھی دکھائی دے رہی تھی۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ اور عوام کی فطرت یہی بتاتی ہے کہ کمزور کے ساتھ کھڑے

بقیہ 25

دوران اور اس کے بعد جو ہوا وہ اس ملک کی آج کی سیاسی روایات کی عکاسی کرتا ہے س، نگجانی جلسے کے لیے خاص طور پر قانون بنایا گیا قومی اسمبلی اور سینیٹ سے پاس کروایا گیا، جلسے کی وجہ سے حکومت نے پورے اسلام آباد کو بند کردیا تھا، حکومت نے اسلام آباد میں کنٹینرز لگا کر خود کو محصور کرلیا تھا، بدقسمتی سے ایسے کام کیے جارہے ہیں جو مارشل لاء دور میں بھی نہیں ہوئے، ایک جلسے کے گرد سارا نظام چل رہا ہے، آپ کیوں جلسے سے گھبراتے ہیں، جلسے کرنا عوام کا حق ہے، ملک کی بدقسمتی ہے کہ نام نہاد جمہوری حکومت کے ہوتے کالے قوانین بنائے جا رہے ہیں جو مارشل لا کے بدترین دور میں بھی نہیں تھے، جلسے میں وزیراعلی خیبر پختونخوا نے عوام کی کوئی بات نہیں کی، صرف گالم گلوچ اور الزامات لگائے، آپ ذمہ دار آئینی عہدے پر ہوں تو آپ کا ہر بیان آپ کی ذات اور عہدے کی عکاسی کرتا ہے، علی امین گنڈاپور کی تقریر میں استعمال ہونے والے الفاظ کی مذمت ضروری ہے، حد تو یہ ہے کہ وزیراعلی کے پی اس بیان کو واپس لینے کو بھی تیار نہیں، بدنصیبی ہے نہ جمہوریت، نہ عوام اور نہ ملک کی مشکلات کی بات کی جارہی ہے، ہمیں کسی نئے قانون کی ضرورت نہیں، شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ ایک جلسے کے لیے حکومت اپوزیشن سے خائف ہو کر اندھے اور کالے قانون بنا رہی ہے، آپ نے اسلام آباد میں عوام کے فری اسمبلی کے آئینی حق کو ختم کردیا ہے، آج پاکستان کے دارالحکومت میں جمہوریت نہیں آمریت ہے، ہم اور قومی اسمبلی، سینیٹ کے ممبران ایک ایس ایچ او کی مار ہیں، تمام سیاسی جماعتیں مل کر اپنے حق کو اس قانون کے تابع کررہی ہیں، اپنے آپ کو ایک ایس ایچ او اور ایک ڈپٹی کمشنر کے تابع کررہی ہیں۔

بقیہ 26

عمیر ایڈووکیٹ، نے کہا کہ گندم سیزن میں سابق اسسٹنٹ کمشنر جتوئی طارق ملک نے تحصیل بھر کے بڑے بیوپاریوں سے بھتہ وصولی کے ریٹ مقرر کر رکھے تھے جنہیں رات کے وقت بلاکر پاسکو سنٹروں سے باردانہ فراہم کرتا تھا ایم پی اے رانا عبدالمنان ساجد نے صرف غریبوں کی آواز اٹھائی جو اس کا جرم بن گیا، ایف آئی اے اور دیگر اداروں نے تحقیق کی جس کے تناظر میں ڈی جی ایم پاسکو اور دونوں تحصیلوں کے پاسکو پرچیز افسران تحصیلدار علی پور اقبال عباسی اور دیگر پٹواریوں پر ایف آئی آر درج ہوئی اسسٹنٹ کمشنر جتوئی طارق ملک نے خود کو کرپشن سکینڈل سے بچانے کے لیے جھوٹا ڈرامہ کیا جس کے تناظر میں خود کو بچانے کے لیے ایم پی اے رانا عبدالمنان ساجد پر نہ صرف جھوٹا مقدمہ درج کیا گیا بلکہ دہشتگردی کی دفعہ لگادی گ ءگزشتہ روز رانا عبدالمنان ساجد کو بلاجواز گرفتار کرکے بچ کی آواز دبا گ ءانہوں نے چیف جسٹس سپریم کورٹ سے جھوٹی ایف آئی آر ختم کرنے اور رانا عبدالمنان ساجد کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے،،،،

بقیہ 27

چیمبر، فیڈریشن پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا تعاون حاصل ہے، ایکسپو کے ذریعے دنیا بھر میں پاکستان کا سافٹ امیج پیش کیا جائے گا، ان خیالات کا اظہار اسلام آباد ویمن چیمبر اینڈ کامرس اینڈ انڈسٹری کی بانی صدر ثمینہ فاضل، موجودہ صدر رضوانہ آصف، سابق نائب صدر نائمہ انصاری، جازکیش کی بزنس منیجر نارتھ زون عمارہ بتول اور ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر طاہر خان جدون نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا، ان کا مزید کہنا تھا کہ خواتین ایکسپو میں اپنی جو بھی پراڈکٹ لیکر آئینگی اسے بھرپور کامیاب کروائیں گے، اس موقع پر نائب صدر ایف پی سی سی آئی طاہر خان جدون کا کہنا تھا کہ ایکسپو کے انعقاد میں ویمن چیمبر کی بھرپور مدد کرینگے، یہ ویمن چیمبر کا خوش آئند اقدام ہے جس کے ذریعے عام خواتین کو اپنی پراڈکٹ کو عوام میں روشناس کرانے کا موقع میسر آئے گا، اس طرح کی ایکسپو وقت کی ضرورت ہیں تاکہ چھوٹے پیمانے پر کام کرنے والی خواتین کی حوصلہ افزائی ہو سکے اور وہ نہ صرف اپنے گھر کے اخراجات پورے کرسکیں بلکہ ملکی معیشت کی بہتری مین اپنا حصہ بھی شامل کرسکیں، سابق نائب صدر نائمہ انصاری نے کہا کہ اسلام آباد ویمن چیمبر خواتین کو کاروبار کی آگاہی کیلئے کام کررہا ہے اور اس حوالے سے ورکشاپس منعقد کی جاتی ہیں تاکہ عام خواتین اس سے فائدہ اٹھا سکیں، خواتین کو آسان شرائط پر قرضے بھی مہیا کئے جاتے ہیں۔

بقیہ 28

ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس دھرنے کا مقصد بے حس حکمرانوں تک اپنی صدائے احتجاج پہنچانا تھا تاکہ وہ ضلع کرم کو درپیش مسائل، بالخصوص قیام امن میں اپنا کردار ادا کرنا ریاست کی اولین ذمہ داری اور عوام کی جان و مال کا تحفظ فرائض منصبی میں شامل ہے، مگر بدقسمتی سے ہم ایسے حکمرانوں کے رحم وکرم پر ہیں جو بے حسی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔ ان حکمرانوں کو مظلوم عوام کی مشکلات کا کوئی احساس نہیں، اگر انہیں کوئی فکر ہے، تو وہ صرف اپنے اقتدار کو دوام بخشنے کی ہے، آج ہم امن کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے بارے میں آپ کے سامنے حاضر ہوئے ہیں۔ ضلع کرم میں زمینوں کے تنازعات کی وجہ سے خونی لڑائیاں ہوئیں، جن کے نتیجے میں 13,000 سے زائد افراد جاں بحق ہو چکے ہیں اور بے شمار زخمی ہوئے۔ ضلع کرم وہ واحد ضلع ہے جس میں زمینوں کا مکمل ریکارڈ موجود ہے اور یہ تنازعات آسانی سے حل ہو سکتے ہیں۔ لیکن زمینوں پر قابض مافیا اور قبضہ گروپوں کی وجہ سے فرقہ وارانہ لڑائیاں ہوتی ہیں، جن میں درجنوں لوگ قتل یا زخمی ہوجاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس 21 دن کے دھرنے میں یہ واضح کیا ہے کہ ضلع کرم میں امن کو درپیش رکاوٹوں کو ختم کیا جائے۔ پاراچنار کا دوسرا بڑا مسئلہ سوشل میڈیا کا غلط استعمال ہے، جہاں اہل بیتؑ اور صحابہ کرامؓ کی توہین کی ویڈیوز وائرل کی جاتی ہیں، جو حالات کو خراب کر دیتی ہیں اور نوبت لڑائی جھگڑوں تک پہنچ جاتی ہے۔ ان افراد کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوتی۔ اسی طرح ٹل پاراچنار روڈ غیر محفوظ ہے، جہاں دہشتگرد مسافر گاڑیوں کو نشانہ بنا کر فرار ہوجاتے ہیں اور آج تک کوئی دہشتگرد گرفتار نہیں ہوا۔ افغان مہاجرین بھی ہماری زمینوں پر قابض ہیں اور ہم سے مختلف علاقوں میں لڑ رہے ہیں۔ ہم نے علاقائی سطح پر احتجاج اور مذاکرات کئے، مگر حکمرانوں نے زبانی جمع خرچ سے زیادہ کچھ نہیں کیا۔ اگر یہی حالات رہے تو ضلع کرم کے عوام بھی بنوں، لکی مروت یا بلوچستان کی طرح احتجاج پر مجبور ہوں گے اور اس وقت بہت دیر ہو چکی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ان 21 دنوں میں ہماری مختلف حکومتی عہدیداروں سے پرزور اپیل رہی ہے کہ ضلع کرم میں تمام مسائل کو جلد از جلد حل کریں۔ لیکن اگر ضلع کرم کے مسائل حل نہ ہوئے، تو کرم یکجہتی کمیٹی کی یہ تحریک جاری رہے گی۔ اسلام آباد انتظامیہ نے ہمارے ساتھ کوئی تعاون نہیں کیا اور اسلام آباد پریس کلب کے سامنے جو رویہ اپنایا وہ مایوس کن تھا۔ انتظامیہ نے نئے قانون کا بہانہ بنا کر ہمیں NOC دینے سے انکار کیا، لیکن، ہم اسلام آباد انتظامیہ کو بتانا چاہتے ہیں کہ اگر ضلع کرم میں مسائل حل نہ ہوئے، تو ہم دوبارہ احتجاج کے لیے اسلام آباد آئیں گے۔ چاہے آپ ہمیں جیل بھیج دیں، ہم اپنے مطالبات سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ آج کی اس پریس کانفرنس کے ذریعے ہم اپنی پرامن تحریک کو اگلے مرحلے میں لے جا رہے ہیں۔ جس میں مختلف حکومتی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سے ملاقاتیں کریں گے اور انہیں حالات سے آگاہ کریں گے۔ ہمیں امید ہے کہ ہماری مشکلات کا حل نکلے گا۔ اس امید کے ساتھ ہم آج دھرنا ختم کرنے کا اعلان کرتے ہیں اور مذاکرات کا حصہ بنیں گے تاکہ زمینوں کے تنازعات حل ہوسکیں اور ضلع کرم میں امن قائم ہو۔ اگر ایسا نہ ہوا، تو ہم دوبارہ زیادہ مضبوط آواز کے ساتھ احتجاج کریں گے اور اس وقت تک استقامت دکھائیں گے جب تک ہمارے مسائل کا سنجیدہ حل اور ضلع کرم میں مستقل امن قائم نہیں ہوجاتا۔

بقیہ 29

کے 30 سال فن اور فنکار کی خدمت میں بسر کیے۔ یہی وجہ ہے کہ آج پاکستان کے ثقافتی اور فنی شعبہ جات میں میری خدمات کو بے حد سراہا جاتا ہے اور مجھے عزت دی جاتی ہے۔ میری زندگی میرے ملک کی امانت ہے۔ یہی خواہش ہے کہ میری تمام عمر اپنے ملک اور فن کے لئے خدمات انجام دیتے ہوئے گزرے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ فن کار حساس دل کے مالک ہوتے ہیں۔ یہ حساس جذبوں اور احساسات کو زبان دیتے ہیں۔ فنکار معصوم لوگ ہوتے ہیں، ان میں آپ کبھی منافقت یا گھٹیا سیاسی رویوں کی باس محسوس نہیں کریں گے۔ عاصمہ بٹ کا کہنا تھا کہ اس وقت دکھ ہوتا ہے جب فنکاروں کو کام کرنے سے روک دیا جائے، یا ان کے کام کرنے کے معاملات میں رکاوٹیں کھڑی کی جائیں۔ فنکار اپنی بے توقیری کبھی برداشت نہیں کر سکتے۔ راولپنڈی آرٹس کونسل میں سیاسی مداخلت کا خاتمہ کروایا جائے۔ یہ مداخلت فنکاروں کے لیے کسی طور پر قابل قبول نہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ایسے سیاسی عناصر جو مخصوص نشستوں پر منتخب ہو کر راولپنڈی آرٹس کونسل پر من مانیاں کر رہے ہیں، ان کے لئے تجویز ہے کہ وہ اسمبلیوں میں جا کر عوامی مسائل پر آواز بلند کریں، عوام کی خدمت کریں، جو چار ووٹ نہ لے سکے وہ فنکاروں کے مسائل کیا حل کریں گے، انھوں نے کبھی فنکاروں کی فلاح و بہبود کے لیے کوئی کام نہیں کیا، نہ ہی فنکاروں کو ان سے کوئی توقع ہے۔ وہ اپنے دائرہ اختیار میں رہیں۔ راولپنڈی آرٹس کونسل فنکاروں کے لیے ہے، لہذا اسے فنکاروں تک محدود رکھا جائے۔ ہم اپنا کام کرنا باخوبی جانتے ہیں۔ کیوں کہ فنکار ہی اس کو بنانے والے ہیں۔ اگر فنکار سڑکوں پر نکل آئے تو انھیں سنبھالنا مشکل ہوجائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ جب سے سیاسی مداخلت شروع ہوئی ہے، راولپنڈی آرٹس کونسل کے دروازے فنکاروں پر بند کردیے گئے ہیں۔ اگر فنکاروں کے جائز حقوق غصب کرنے کا سلسلہ بند نہ کیا گیا تو فنکار احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے۔ عاصمہ بٹ نے فنکاروں کی نمائندگی کرتے ہوئے پاکستان مسلم لیگ ن کی حکومت سے اپیل کی کہ وہ فنکاروں کے لیے بنائے گئے اداروں کو سیاست سے پاک رکھنے میں اپنا مثبت اور منصفانہ کردار ادا کریں۔

بقیہ 30

سے ٹانگ کاٹ دی، پولیس نے مقدمہ درج کرلیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پتوکی میں بااثر زمیندار کی جانب سے بے زبان جانور کے ساتھ درندگی کا واقعہ پیش آیا ہے جہاں زمیندار نے کھیتوں میں گھسنے پر کلہاڑی کے وار سے گدھی کی ایک ٹانگ کاٹ دی۔ تھانہ صدر پولیس نے گدھی کے مالک کی فریاد پر مقدمہ درج کرلیا۔ ایف آئی آر کے مطابق مدعی کا کہنا ہے کہ وہ گدھا ریڑھی پر مال مویشیوں کے لیے چارا کاٹ کر لایا تھا، چارا اتار کر گدھی کو ریڑھی سے الگ کیا تو میری گدھی بھاگ گئی۔ کسان کے مطابق میں اور میرا بیٹا گدھی کی تلاش کے لیے گئے تو گدھی کے چلانے کی آواز سنائی دی جس پر ہم فوری وہاں پہنچے تو دیکھا کہ قریبی فصلوں کے ساتھ واقع حویلی میں گدھی زخمی حالت میں کھڑی تھی اور اس کی ایک ٹانگ کٹی ہوئی تھی۔ تھانہ صدر پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ درج کر کے کاروائی کا آغاز کردیا گیا ہے اور تفتیش کی جارہی ہے۔

بقیہ 31

چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں چار رکنی بینچ نے سماعت کی، ایڈیشنل اٹارنی جنرل عامر رحمان نے کہا کہ ہم نے ایک متفرق درخواست دائر کی ہے، ڈیمز فنڈز کے پیسے وفاق اور واپڈا کو دیے جائیں، سپریم کورٹ کی نگرانی میں سٹیٹ بنک نے اکاؤنٹ کھولا تھا، جس پر چیف جسٹس پاکستان نے استفسار کیا کہ ڈیمز فنڈز میں کتنے پیسے ہیں؟ جس پر وکیل واپڈا سعد رسول نے بتایا کہ تقریباً 20 ارب روپے ڈیمز فنڈز میں موجود ہیں۔ چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ یہ کیس شروع کیسے ہوا؟ جس پر وکیل واپڈا نے جواب دیا کہ سپریم کورٹ نے واپڈا کے زیرسماعت مقدمات کے دوران 2018 میں ازخودنوٹس لیا تھا، سپریم کورٹ کے ڈیمز فنڈز عملدرآمد بینچ نے 17 سماعتیں کیں، جس پر چیف جسٹس نے کہا کہ واپڈا کے اور بھی کئی منصوبے ہونگے، کیا سپریم کورٹ واپڈا کے ہر منصوبے کی نگرانی کرتی ہے؟ وکیل واپڈا نے کہا کہ ڈیمز کی تعمیر کے معاملے پر پرائیویٹ فریقین کے درمیان بھی تنازعات تھے، سپریم کورٹ نے پرائیویٹ فریقین کے تنازعات متعلقہ عدالتوں کے بجائے اپنے پاس سماعت کیلئے مقرر کیے ہماری استدعا ہے کہ پرائیویٹ فریقین کے تنازعات متعلقہ عدالتی فورمز پر ہی چلائے جانے چاہیے۔ عدالت نے کیس کا متعلقہ ریکارڈ طلب کرتے ہوئے کیس کی سماعت میں مختصر وقفہ کردیا۔ وقفے کے بعد کیس کی سماعت کا دوبارہ ا?غاز ہوا، سپریم کورٹ نے رقم وفاقی حکومت کو دینے کے معاملے پر آڈیٹر جنرل پاکستان کو نوٹس جاری کردیا۔ سپریم کورٹ نے حکم دیا کہ آڈیٹر جنرل پاکستان خود یا مجاز افسر آئندہ سماعت پر پیش ہوں اور ڈیمز فنڈ کی رقم وفاق کو دینے سے متعلق معاونت کی جائے، سابق اٹارنی جنرلز خالد جاوید اور انور منصور کو آئندہ سماعت پر طلب کرلیا گیا۔ عدالت عظمی نے عدالتی معاون مخدوم علی خان بھی آئندہ سماعت پر طلب کرلیا، ڈیمز کی تعمیر اور عملدرآمد بینچ سے متعلق عدالت کی معاونت کی جائے، سپریم کورٹ نے مقدمے کے دیگر فریقین کو بھی نوٹسز جاری کرتے ہوئے سماعت تین ہفتوں کیلئے ملتوی کردی۔

بقیہ 32

ملزم ڈاکٹر ڈنشا کو بیرون ملک جانے کی اجازت دے دی۔ سپریم کورٹ کے جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں 3 رکنی بنچ نے جعلی اکاؤنٹس کیس میں ڈاکٹر ڈنشا کی درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے ڈاکٹر ڈنشا کی پاسپورٹ واپس کرنے کی درخواست منظور کرتے ہوئے فیصلہ دیا کہ ڈاکٹر ڈنشا بیٹی کی شادی کیلئے برطانیہ جاسکتے ہیں۔ عدالت نے حکم دیا کہ ڈاکٹر ڈنشا 2 ماہ بعد واپس آکر پاسپورٹ ٹرائل کورٹ کو جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ نیب پراسیکیوٹر نے موقف اختیار کیا کہ ڈاکٹر ڈنشا کے ایک بار بیرون ملک جانے کی اجازت پر اعتراض نہیں، عدالت ماضی میں بھی ملزمان کو ایک مرتبہ جانے کی اجازت دے چکی ہے۔ جسٹس شہزاد ملک نے استفسار کیا کہ کیا گارنٹی ہے کہ ڈاکٹر ڈنشا وطن واپس آئیں گے؟ جس پر وکیل ملزم فاروق نائیک نے کہا کہ ڈاکٹر ڈنشا مچلکے جمع کرانے پر آمادہ ہیں، سپریم کورٹ نے 2021 میں ضمانت دی تھی آج تک اس کا غلط استعمال نہیں کیا۔ جسٹس شہزاد ملک نے استفسار کیا کہ ضمانت کے فیصلے میں پاسپورٹ سرنڈر کرنے کا حکم دیا گیا تھا، عدالت تین سال بعد اپنے فیصلے پر کیسے نظر ثانی کرسکتی ہے؟ جس پر فاروق نائیک نے کہا کہ نظر ثانی کا نہیں ایک مرتبہ جانے کی استدعا کر رہے تاکہ بیٹی کی شادی میں شریک ہوسکیں۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ ترامیم بحال ہونے کے بعد ممکن ہے یہ کیس کسی اور فورم کو منتقل ہوجائے۔ جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس دیئے کہ چار سال سے ٹرائل کیوں نہیں شروع ہوا؟ نیب اتنا عرصہ کیا کرتا رہا ہے؟

بقیہ 33

کو سینیٹ میں بل پیش کرنے کا پروگرام بھی ملتوی کیا۔ مولانا فضل الرحمٰن نے تاحال حکومتی پیشکش پر کوئی جواب نہیں دیا۔ وزیراعظم جے یو آئی کے حتمی جواب کے منتظر ہیں کیونکہ حکومت کیلئے جے یو آئی کی حمایت حاصل کرنا انتہائی ضروری ہے کیونکہ نمبر گیم کی کامیابی کے بغیر آئینی ترمیمی بل کی منظوری ممکن نہیں ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق حکومتی ارکان کی حاضری یقینی بنانے کے لئے پارلیمانی وفد کا غیر ملکی دورہ بھی ملتوی کیا گیا تھا۔ وزیراعظم اس وقت جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کی طرف سے حتمی جواب کے منتظر ہیں جبکہ صدر مملکت اور چوہدری شجاعت بھی مولانا فضل الرحمان کو منانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ مولانا فضل الرحمان نے حکومتی پیشکش پر ابھی تک نہ تو اقرار کیا ہے اور نہ ہی انکار۔ وہ اس معاملے پر پارٹی قائدین سے مشاورت کر رہے ہیں۔ حکومت نے جے یو آئی کو گورنر خیبر پختونخوا اور وفاق میں 4 وزارتوں کی پیشکش کی ہے۔ بلوچستان حکومت میں بھی حصہ بقدر جثہ دینے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ واضح رہے کہ حکومت ججز کی ریٹائرمنٹ کی عمر بڑھانے اور اعلیٰ عدلیہ میں ججز کی تعداد بڑھانے سمیت ایک آئینی پیکج لانا چاہتی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئینی ترمیم اعلیٰ عدلیہ کے حوالے سے کی جائے گی، سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بڑھانے کی تجویز اور اعلیٰ عدلیہ میں ججوں کی عمر کی حد بڑھانے کی ترمیم بھی شامل ہے۔ دوسری جانب گزشتہ روز نئے عدالتی سال پر چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کی گفتگو پر سپریم کورٹ کی جانب سے وضاحتی اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ وزیر قانون کے ساتھ ملاقات میں اٹارنی جنرل اور جسٹس منصور بھی موجود تھے، جسٹس فائز عیسیٰ کیساتھ آف دی ریکارڈ گفتگو کو غلط انداز میں رپورٹ کیا گیا۔ سیکریٹری چیف جسٹس مشتاق احمد کے مطابق نیعدالتی سال کی تقریب کے بعد مہمانوں کو چائے پر بلایا گیا تھا، چیف جسٹس فائز عیسیٰ سے صحافی نے توسیع سے متعلق سوال کیا، چیف جسٹس نے جواب میں کہا کئی ماہ پہلے وزیر قانون ملاقات کیلئے آئے تھے، وزیر قانون نے بتایا حکومت چیف جسٹس کی مدت معیاد 3 سال کرنے پر غور کر رہی ہے، چیف جسٹس نے صحافی کے سوال پر جواب دیا، چیف جسٹس نے کہا تجویز کسی ایک فرد کیلئے ہے تو قبول نہیں ہوگی۔

بقیہ 34

ریحان طاہر بھی شریک تھے. پاکستان اسٹریٹ چائلڈ فٹبال ٹیم کے کھلاڑی پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کررہے ہیں. وزیرِاعظم آپ سب کھلاڑی پاکستان کے درخشاں ستارے ہیں. وزیرِاعظم آپکی بہترین کارکردگی اس بات کی گواہی دیتی ہے کہ پاکستانی نوجوانوں کو موقع ملے تو وہ پوری دنیا میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منواتے ہیں. وزیرِاعظم حکومت پوری طرح سے آپکی معاونت کرے گی. وزیرِاعظم کی ٹیم سے گفتگو. پاکستان میں فٹبال کی ترقی کیلئے ہر ممکن اقدام کریں گے. وزیرِاعظم بہت جلد پاکستان میں فٹبال کی ترقی کیلئے ایک جامع پلان کے نفاذ کا آغاز کریں گے. وزیرِاعظم وزیرِاعظم کی مسلم ہینڈز کے پاکستان اسٹریٹ چائلڈ فٹبال کی ترقی کیلئے اقدامات کی تعریف. کھلاڑیوں نے وزیرِاعظم کا شکریہ ادا کیا. وزیرِاعظم کو مسلم ہینڈز کی جانب سے پاکستان اور دنیا بھر میں اسٹریٹ چائلڈ فٹبال کیلئے اقدامات پر بریفنگ بھی دی گئی. وزیرِاعظم کی متعلقہ حکام کو ترجیحی بنیادوں پر ڈیپارٹمنٹل اسپورٹس کو مکمل طور پر بحال کرکے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت. ملاقات میں وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطاء اللہ تارڑ، وزیرِمملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزہ فاطمہ خواجہ، چیئرمین وزیرِاعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان، وزیرِاعظم کے کوارڈینیٹرز رومینہ خورشید عالم اور بدر شہباز کے ساتھ ساتھ متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی.

بقیہ 35

رانا مشہود احمد خان، وزیرِاعظم کے کوارڈینیٹرز رومینہ خورشید عالم، بدر شہباز اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی. پاکستان کا سب سے بڑا اثاثہ پاکستان کے باصلاحیت نوجوان ہیں. وزیرِاعظم انٹرنیشنل مکس مارشل آرٹس فیڈریشن ایشین چیمپین شپ میں پاکستان کے کھلاڑیوں نے 12 میڈل جیت کر ملک وقوم کا سر فخر سے بلند کیا. وزیرِاعظم میری بھرپور خواہش ہے کہ پاکستان کے کھلاڑی یونہی عالمی سطح پر مقابلوں میں ملک وقوم کا نام روشن کرتے رہیں. وزیرِاعظم آپ سب کھلاڑیوں سے مل کر دلی خوشی ہوئی. وزیرِاعظم آپ پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں. وزیرِاعظم آپ سب کی صلاحیتوں کو دیکھ کر اطمینان ہوتا ہے کہ پاکستان کا مستقبل تابناک ہے. وزیرِاعظم مکس مارشل آرٹس کے شعبے میں حکومت پاکستان فیڈریشن سے مکمل تعاون کرے گی. وزیرِاعظم پاکستان میں کھیل کے میدانوں کو آباد کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے. وزیرِاعظم خادم پاکستان کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد پاکستان اسپورٹس اینڈاؤمنٹ فنڈ، کھیلوں کے مقابلوں اور کھلاڑیوں کی سلیکشن کیلئے شفافیت یقینی بنانے جیسے اقدامات کئے. وزیرِاعظم بطور وزیرِاعظم میں اپنا یہ فرض سمجھتا ہوں کہ پاکستان کے کھلاڑیوں کی عالمی مقابلوں میں شرکت کیلئے ہر قسم کی معاونت فراہم کی جائے. وزیرِاعظم مکس مارشل آرٹس فیڈریشن کا پاکستان میں بین الاقوامی مقابلوں کا انعقاد قابلِ ستائش ہے. وزیرِاعظم وفد نے وزیرِاعظم کو حال ہی میں فیڈریشن اور وزیرِاعظم یوتھ پروگرام کے تعاون سے منعقدہ مکس مارشل آرٹس کے بین الاقوامی مقابلوں کے بارے آگاہ کیا. وفد نے وزیرِاعظم کو مکس مارشل آرٹس کے شعبے کی ترقی کیلئے تجاویز بھی پیش کیں. وزیرِاعظم نے متعلقہ حکام کو وفد کی تجاویز پر غور اور مشاورت کرکے جلد عملدرآمد کیلئے لائحہ عمل پیش کرنے کی ہدایت کردی.

بقیہ 36

اور ملک میں جمہوریت کے فروغ کے لیے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ سیدال خان نے کہا کہ بیگم کلثوم نواز ایک بلند حوصلہ اور مضبوط ارادے کی مالک خاتون تھیں انہوں نے نہ صرف اپنی گھریلو بلکہ سیاسی اور سماجی ذمہ داریاں بخوبی احسن طریقے سے نبھائی۔ وہ ہر سیاسی محاذ پر ہمیشہ سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کے شانہ بشانہ کھڑی رہیں۔ مشرف دور میں بھی میاں نواز شریف کی جلاوطنی کے دوران انہوں نے پاکستان مسلم لیگ کو بڑے دانشمندی کے ساتھ آگے بڑھایا ان کے مضبوط اعصاب اور حوصلہ مندی اس بات کا ثبوت ہیں کہ وہ کہ وہ واقعی ہی گاما پہلوان کی نواسی تھیں اور جرات و پیکر کی علامت تھیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان نے صوبائی وزیر برائے مواصلات و تعمیرات میر سلیم خان کھوسہ، سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر سعید الہی سینیٹر بلال مندوخیل سینٹر پروفیسر ساجد میر، سینیٹر بشرا انجم بٹ سینیٹر انوشہ رحمان اور سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان سے ملاقات کے دوران کیا انہوں نے بیگم کلثوم نواز شریف کی خدمات کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا۔ ڈپٹی چیئرمین سیدال خان نے کہا کہ وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور سابق وزیراعظم پاکستان میاں محمد نواز شریف ملک کو معاشی مسائل سے نکالنے کے لیے سرگرم عمل ہیں۔ وزیراعظم پاکستان کی ہدایت پر اشیاء خوردنوش کی قیمتوں میں واضح کمی دیکھی جارہی ہے اور میاں محمد نواز شریف کی ہدایت کے مطابق عوام کو بجلی کے ریٹس میں بھی نمایاں ریلیف دیا گیا ہے موجودہ حکومت ملک کو اقتصادی مسائل سے نکالنے کے لیے انتہائی سنجیدہ ہے اور ایسی حکمت عملی اختیار کی جارہی ہے تاکہ ملک وقوم کو درپیش معاشی مسائل سے نکال کر ترقی کی جانب گامزن کیا جاسکے ڈپٹی چیئرمین سیدال خان نے بیگم کلثوم نواز کے درجات کی بلندی اور جنت میں اعلی مقام کے لیے اللہ تبارک وتعالی سے دعا بھی کی

بقیہ 37

پرخراج عقیدت بہن کلثوم نواز کی وفات کا غم ہمارا پورا خاندان نہ کبھی بھولا ہے اور نہ بھول سکتا ہے مادرِ جمہوریت محترمہ کلثوم نواز کی ملک وقوم اور جمہوریت کے لئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں محترمہ کلثوم نواز نے بطور اہلیہ، ماں، بہن اور سیاسی قائد، جرات و بہادری اور صبر واستقامت کی ناقابل فراموش تاریخ لکھی پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نوازشریف کے لئے وہ ایک فولادی ڈھال تھیں آمریت کے خلاف ان کی قابل فخر اور یادگار تحریک سیاسی تاریخ کا روشن باب ہے اسلام، قرآن اور نبی اکرم (ص) سے عقیدت ومحبت کلثوم نواز صاحبہ کا زندگی بھر کا معمول رہا وہ مشرقی روایات اور اقدار کا پیکر تھیں، بڑوں کا احترام، چھوٹوں سے شفقت اور ہمیشہ دانائی کی بات کرنا ان کی شخصیت کا حصہ تھا اللہ تعالی ان کے درجات بلند فرمائے اور اہل خانہ کو صبر جمیل دے۔

بقیہ 38

سکتے ہیں، غیر ملکی سرمایہ کاروں کو حکومت نے بہت ساری ٹیکس چھوٹ دی ہوئی ہیں، چائنیز کمپنیوں اور سرمایہ کاروں کے لئے پاکستان میں کاروبار کے وسیع مواقع موجود ہی، انہیں ٹیکسیشن میں ہر طرح کی سہولیات اور آسانیاں فراہم کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور ٹیکس بار اور چائنیز شینڈونگ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے۔ شینڈونگ چیمبر آف کامرس کے وفد کی قیادت لی چونگ کر رہی تھیں۔ اس موقع پر لاہور ٹیکس بار کے صدر شہباز صدیق، نائب صدر انیب اختر انصاری، جنرل سیکرٹری میاں محمد زاہد سمیت ایف بی آر کے افسران موجود تھے۔ اس موقع پر وفد نے پاکستان میں بھاری ٹیکسیشن اور کاروبار کرنے میں درپیش مشکلات کے حوالے سے اپنے تحفظات سے آگاہ کیا۔ وفد کے اراکین نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاروں کو پالیسیوں کا تسلسل نہ ہونے کی وجہ سے مشکلات ہوتی ہیں۔ بہترین سکیورٹی کے ساتھ ٹیکسیشن کی تعداد، شرح میں اور طویل المدت پالیسیاں ہوں گی سرمایہ کار بلا خوف وخطر سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ چیف کمشنر آر ٹی او لاہور احمد شجاع خان نے وفد کو ٹیکسیشن پر بریفنگ دی اور انہیں پاکستان میں سرمایہ کاری کے فوائد اور ٹیکس چھوٹ کے بارے میں تفصیلی آگاہ کیا۔

بقیہ 39

برادری سے ہے، جن کی شناخت قادر بخش، عزیز اللہ اور مشتاق چوہان کے نام سے ہوئی ہے۔ جاں بحق افراد میں باپ، بیٹا اور کزن شامل ہیں، جن کی لاشیں اسپتال منتقل کردی گئی ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعے کے بعد ملزمان با آسانی فرار ہوگئے جبکہ پولیس ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی کررہی ہے۔

بقیہ 40

آرمز اشفاق احمد کی سربراہی میں تشکیل دے دی۔ کمیٹی تحریک انصاف کے اراکین پارلیمنٹ کی گرفتاری سے متعلق شواہد اکھٹے کرے گی اور سی سی ٹی وی ریکارڈ کا جائزہ لے گی۔ ذرائع نے بتایا کہ کمیٹی 48 گھنٹے میں رپورٹ اسپیکر قومی اسمبلی کو پیش کرے گی۔ اس کے علاوہ اسپیکر ایاز صادق نے پارلیمنٹ ہاؤس کے سیکیورٹی انتظامات پر بھی برہمی کا اظہار کیا ہے۔ قومی اسمبلی کے ذرائع کے مطابق اسپیکر ایاز صادق نے سیکیورٹی پر مامور افراد کو غفلت برتنے پر کڑی سزا دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

بقیہ 41

CASS لاہور نے تقریب کے آغاز میں سیمینار کے مقاصد اور عنوان کا تعارف پیش کیا۔ نیشنل کمانڈ اتھارٹی (NCA) کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد قدوائی نے کلیدی خطاب کیا۔ انہوں نے جوہری اثاثوں کے تحفظ اور مؤثر دفاعی حکمت عملی پر مشتمل پاکستان کی فل سپیکٹرم ڈیٹرنس (FSD) پالیسی سے متعلق گفتگو کی۔ اس پالیسی کا مقصد بھارت کی ایٹمی پالیسی کے جواب میں قابل اعتماد مگر کم سے کم دفاعی صلاحیت برقرار رکھنا ہے۔ یہ پالیسی پاکستان کی جوہری اثاثوں کے تحفظ کی پالیسی (CMD) کا تسلسل ہے۔ اسلحہ کنٹرول اور تخفیف اسلحہ پر بات کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ان دونوں میں فرق ملحوظ خاطر رکھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں تزویراتی استحکام بگاڑے بغیر جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کی پالیسی پاکستان کے لیے قابل قبول ہے لیکن تخفیف اسلحہ ایک ناقابل عمل اور ناجائز مطالبہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی FSD پالیسی اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ عالمی اور علاقائی تبدیلیوں کے باوجود جنوبی ایشیا میں تزویراتی استحکام برقرار رکھا جائے گا۔ بایں وجہ بھارت کو باور کرانا چاہیے کہ خطے میں تزویراتی سطح پر سیاسی دھونس دھمکی اور سیاسی بیان بازی کوئی پالیسی نہیں ہے، اس سے گریز کا رویہ اپنانا چاہیے۔ اسٹریٹجک ویژن انسٹی ٹیوٹ (SVI) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر ڈاکٹر نعیم سالک نے جوہری ہتھیاروں کی دوڑ کے تناظر میں میزائل ٹیکنالوجیز میں حالیہ پیش رفت سے جنوبی ایشیا میں پیدا ہونے والی تزویراتی پیچیدگیوں پر روشنی ڈالی۔ جدید میزائل ٹیکنالوجیز، جیسے ملٹی پل انڈیپنڈنٹلی ٹارگیٹیبل ری انٹری وہیکلز (MIRVs) اور ہائپرسونک کروز میزائلوں کے اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ان میزائل ٹیکنالوجیز سے نہ صرف تزواراتی سطح پر ہتھیاروں کی دوڑ میں اضافہ ہوگا بلکہ جنوبی ایشیا میں موجودہ اسلحہ کنٹرول فریم ورک کو بھی شدید دھچکا لگے گا۔ سابق سفیر اور اسٹریٹجک پلانز ڈویژن (SPD) کے مشیر ضمیر اکرم نے جنوبی ایشیا میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کے توازن سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خطے میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کے اقدامات صرف اس وقت مؤثر ثابت ہوسکتے ہیں جب دونوں فریق مساوی بنیادوں پر باہمی عمل درآمد کے اصول کی پابندی کریں۔ انہوں نے کہا کہ جن اقدامات پر باہمی طور پر اتفاق رائے چلا آرہا تھا، اب وہ معاہدے میزائل ٹیکنالوجیز میں بھارت کی غیر منصفانہ پیش رفت جیسے بیلسٹک میزائل ڈیفنس (BMD) اور 2019 کے اینٹی سیٹلائٹ ویپنز (ASAT) تجربوں کے باعث غیر مؤثر ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کئی بھارتی حکومتی عہدے دار اپنے بیانات میں عندیہ دے چکے ہیں کہ بھارت جوہری ہتھیاروں کے استعمال میں پہل کرنے کی نو فرسٹ یوز پالیسی (NFU) کو حالات کے تحت کسی بھی وقت نظرثانی کرسکتا ہے۔ (CASS)، لاہور کے صدر ایئر مارشل (ر) عاصم سلیمان نے اختتامی خطبے میں جنوبی ایشیا میں تیزی سے بدلتے علاقائی تزویراتی استحکام کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے ایک مشترکہ جدید حکمت عملی کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا کے مستحکم اور پُرامن مستقبل کو محفوظ بنانے کے لیے برابری کی سطح پر مذاکرات، اعتماد سازی اور خطرے میں کمی کے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ مزید براں ان کا کہنا تھا کہ بھارتی قیادت کے حالیہ اقدامات کے پیش نظر خطے میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے کی اولین ذمہ داری بھارت پر عائد ہوتی ہے۔ سیمینار میں جنوبی ایشیا میں ہتھیاروں کے کنٹرول کے لیے تزویراتی پیچیدگیوں کے مطابق جدید حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر سیر حاصل گفتگو کی گئی اور علاقائی سلامتی کے استحکام کے لیے جدید بنیادوں پر باہمی تعاون ضرورت پر زور دیا گیا۔

بقیہ 42

بیاہ پر خرچ کیا جائے تو سمجھا جاتا ہے کہ ذمہ داری پوری ہوگئی ہے اور انہیں وراثتی معاملات میں ان کے حق سے محروم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اس کلچر کو تبدیل کرنے کے لئے اپنی سوچ بدلنا ہوگی، یہ تسلیم کرنا ہوگا کہ عورت کو اس کا حق ملنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ Succession Certificate سرٹیفکیٹ دینے کا اختیار نادرا کے پاس ہے، ڈیتھ سرٹیفکیٹ، بیان حلفی، ایف آر سی اور سکسیشن سرٹیفکیٹ لینے کے بعد وراثت میں نام کا اندراج کردیا جاتا ہے، کوئی بھی خاتون وراثت کے حق سے محروم نہ رہے، اس کے لئے مہم چلانے کے لئے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام لازم کرتا ہے کہ وراثت میں خاتون کو حصہ دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ چند دن پہلے اسلام آباد کی حدود کے اندر ایک خاتون پر تیزاب پھینکا گیا، خاتون بری طرح جھلس گئی، ہمارا ایک وفد پمز ہسپتال اس خاتون کی تیمارداری کیلئے گیا، جب پوچھا گیا تو خاتون کے کریکٹر پر سوالات اٹھانا شروع کر دیئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو حق حاصل نہیں کہ وہ خاتون پر تیزاب پھینکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خواتین کے حقوق بالخصوص دیہی علاقوں میں آگاہی ہونی چاہئے، دیہی علاقوں میں اکثر خواتین اپنے حقوق سے آگاہ ہی نہیں ہیں، بھائی بہنوں کو وراثت کے اندر حصہ دینے سے انکاری رہتے ہیں، اس حوالے سے مزید ریفارمز لائی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی کا شکر ہے کہ ہمارے ہاں انڈیا والے حالات نہیں ہیں، وہاں خواتین کو اپنے حقوق مشکل سے ملتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس زمانے میں خاتون وزیراعظم کو منتخب کیا تھا جب مغرب کے اندر خواتین کو ایگزیکٹو پوزیشن دینے کا تصور ہی نہیں تھا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ خواتین کے حقوق کے معاملہ پر سپیشل کمیٹی بنادی جائے، اس حوالے سے بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد کا کوئی واقعہ پیش آئے تو کوئی بہانے بنائے جاتے ہیں، ہمیں اس سوچ کو بدلنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر ویمن ڈے پر اقدامات اور پیکجز کا اعلان کیا جاتا ہے، پنک بسوں کا تصور ہم نے وفاق اور سندھ میں دیکھا ہے، میری درخواست ہے کہ خواتین کے حقوق کے بارے میں سپیشل کمیٹی تشکیل دی جائے اور تمام جماعتوں سے مشاورت کرلی جائے تاکہ اس معاملہ کو آگے بڑھایا جاسکے۔ وفاقی وزیر نے رکن قومی اسمبلی شاہدہ رحمانی کی خواتین کے حقوق کا معاملہ ویمن کاکس کو بھجوانے کی تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاملہ انتہائی اہم نوعیت کا ہے، اس پر پارلیمان کی خصوصی کمیٹی بنی چاہئے، ویمن کاکس کو پارلیمانی کمیٹی کا حصہ ضرور بنایا جائے۔

قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم بابر شہزاد گرفتار، ناجائز اسلحہ برآمد

ملزم بابر شہزاد سے آلہ قتل پسٹل 30 بور برآمد، گھریلو رنجش کی بنا پر مدعی مقدمہ کی بیٹی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا

ملزم بابر شہزاد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا اور انشاء اللہ قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی

جہلم(عارف محمود قریشی اوور سینئر بیورو چیف)خواتین کے خلاف تشدد پھر کبھی نہیں ترجمان جہلم پولیس پبلک ریلیشنز آفیسر انسپکٹر احسن شہزاد بٹ نے تفصیلات بتائی ہے کہ ایس ایچ او تھانہ کالا گجراں ملک نثار احمد اور ٹیم نے اہم کاروائی کرتے ہوئے قتل کے مقدمہ میں ملوث ملزم بابر شہزاد کو گرفتار کر کے آلہ قتل اسلحہ ناجائز برآمد کر لیا ہے۔ ملزم سے آلہ قتل پسٹل 30 بور برآمد ہوا ہے جو ملزم بابر شہزاد نے کی گھریلو رنجش کی بنا پر مدعی مقدمہ کی بیٹی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا۔ ملزم بابر شہزاد کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا اور انشاءاللہ قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی۔ بعدازاں ایس ایچ او تھانہ سٹی قمر سلطان اور ٹیم نے بھی اہم کاروائی کرتے ہوئے ڈکیتی کی واردات میں ملوث اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا ہے اس اشتہاری مجرم افتخار نے 01 سال قبل ڈکیتی کی واردات کی تھی۔ واردات کے بعد مجرم اشتہاری روپوش ہو گیا تھا جس کو تھانہ سٹی پولیس نے ہیومن ریسورس اور سائنٹیفک طریقہ کار کا استعمال کرتے ہوئے گرفتار کر لیا ہے اشتہاری مجرم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا۔ اس ضمن میں ڈسٹرکٹ پولیس چیف جہلم ناصر محمود باجوہ نے واضح الفاظ میں کہا ہے کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے اور انشاءاللہ ہر حال میں معزز شہریوں اور دیہی علاقوں میں رہنے والوں کے تمام اثاثوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔

عید میلاد النبیؐ پر فول پروف سکیورٹی یقینی بنانے کا حکم

صوبائی سرحدی چوکیوں کی تعداد بڑھانے کی تجویز، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے منظوری دے دی

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق اجلاس، پولیس کو ایک ارب روپے کی گرانٹ کی منظوری

لاہور(این این آئی)وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے عید میلادالنبیؐ پر فول پروف سکیورٹی کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پولیس افسران کو علماء کرام کے پاس خود جا کر ملنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلی مریم نوازشریف کی زیر صدارت امن وامان سے متعلق امور کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں صوبائی سرحدی چوکیوں کی تعداد بڑھانے کی تجویز پیش کی گئی، وزیر اعلیٰ مریم نوازشریف نے منظوری دے دی۔ وزیراعلی مریم نوازشریف نے پولیس اہلکاروں کو اے پی سی، بلٹ پروف گاڑیاں اور بلٹ پروف جیکٹیں فوری طور پر دینے کا حکم دیا۔ سرحدی پوسٹوں پر تعینات پولیس اہلکاروں کی خصوصی ٹریننگ کرانے کی ہدایت کی۔ بارڈر سکیورٹی چیک پوسٹوں (بقیہ نمبر 15)

غیر قانونی جائیدادوں کے خلاف کارروائیاں جاری

انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے سید پور ہاؤسنگ سکیم راولپنڈی میں غیر قانونی ایک گودام اور ایک دکان کو سر بمہر کر دیا

کنٹرولڈ ایریا میں تمام غیر قانونی رہائشی کمرشل عمارتوں کو ریگولرائز کریں۔ ڈی جی راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ

راولپنڈی (چیف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنزہ مرتضیٰ کی ہدایت پر انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے سید پور ہاؤسنگ سکیم راولپنڈی میں غیر مجاز وغیر قانونی کمرشل عمارتوں کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کیا۔ ترجمان آر ڈی اے کے مطابق آپریشن کے دوران انفورسمنٹ سکواڈ نے سید پور روڈ پر کاسمیٹکس کے ایک گودام اور محلہ راجہ سلطان میں ایک دکان مٹن اینڈ بیف پلاٹ نمبر 549 اور پلاٹ نمبر 235 کو سر بمہر کر دیا ہے۔ آپریشن انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے کیا جس میں بلڈنگ انسپکٹرز اور راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے دیگر اہلکار شامل تھے۔ جائیدادوں کے مالکان محمد تنویر، محمد نوید، زیب النساء اور نرگس نے منظور شدہ منصوبوں و نقشوں (بقیہ نمبر 16)

جلسے میں بولے گئے الفاظ پر قائم ہوں، معافی نہیں مانگوں گا، علی امین گنڈاپور

پشاور(آئی آئی پی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ جلسے میں بولے گئے اپنے الفاظ پر قائم ہوں کسی صورت معافی نہیں مانگوں گا۔ پشاور میں پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے دوران پارلیمانی پارٹی کے اراکین نے وزیراعلی کے رات بھر غاب رہنے پر تشویش کا اظہار کیا جبکہ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ رات بھر کسی نے کہیں زبردستی نہیں (بقیہ نمبر17)

ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال نیشنل ہاکی سٹیڈیم میں ”کھیلتا پنجاب“ کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

رمضان شوگر ملز ریفرنس واپس نیب کو بھجوانے کا عمل شروع

سپریم کورٹ نیب ترامیم بحالی کے فیصلہ کے بعد ریفرنس قابل سماعت نہیں، احتساب عدالت کو ریفرنس کی سماعت کا اختیار نہیں رہا‘ وکلاء

رمضان شوگر ملز ریفرنس واپس نیب کو بھجوانے کیلئے درخواستیں دائر کریں، آئندہ سماعت پر درخواستوں پر سماعت ہوگی‘ احتساب عدالت

لاہور(این این آئی)احتساب عدالت میں وزیر اعظم شہباز شریف اور انکے صاحبزادے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس واپس نیب کو بھجوانے کا عمل شروع ہو گیا۔ احتساب عدالت میں وزیر اعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس پر ڈیوٹی جج زبیر شہزاد کیانی نے سماعت کی، شہباز شریف کی جگہ ان کے پلیڈر انوار حسین حاضری کیلئے پیش ہوئے۔ خیال رہے کہ عدالت نے وزیر اعظم شہباز شریف کو حاضری سے مستقل استثنیٰ دے رکھا ہے۔(بقیہ نمبر 18)

ڈپٹی کمشنر قصور اورنگزیب حیدر خان ٹینری میں نصب شدہ پلانٹ اور پروڈکشن کا معائنہ کر رہے ہیں

ریڈ لائن کراس کرنا کسی کے حق میں بہتر نہیں، اسحٰق ڈار

پہلے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے دو دور حکومت بڑے تلخ گذرے تھے، نواز شریف اور بے نظیر بھٹو نے میثاق معیشت پر دستخط کیے

اس کے بعد 18 ویں ترمیم کا سلسلہ شروع ہوا، کمیٹی ضرور بنی چاہیے اور اس میں 18 ویں ترمیم کی طرح تمام پارٹیز کو شامل کیا جائے، وزیر خارجہ

اسلام آباد(این این آئی) نائب وزیراعظم وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ریڈ لائن کراس کرنا کسی کے حق میں بہتر نہیں، پہلے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے دو دور حکومت بڑے تلخ گذرے تھے، نواز شریف اور بے نظیر بھٹو نے میثاق معیشت پر دستخط کیے، اس کے بعد 18 ویں ترمیم کا سلسلہ شروع ہوا، کمیٹی ضرور بنی چاہیے اور اس میں 18 ویں ترمیم کی طرح تمام پارٹیز کو شامل کیا جائے۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے ڈپٹی وزیر اعظم محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ سیاست ضرور کرنا چاہیے تاہم سرخ لکیر کو عبور نہیں کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں میثاق جمہوریت کیلئے فروری 2002 میں پی پی پی اور مسلم لیگ کے درمیان بات چیت شروع ہوئی ،(بقیہ نمبر 19)

توڑ پھوڑ کیس میں رہنما پی ٹی آئی شعیب شاہین کی ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ایڈووکیٹ شعیب شاہین کی اسلام آباد کی 26 نمبر چنگی پر توڑ پھوڑ کے کیس میں ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست منظور کر لی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پراسیکیوٹر راجا نوید اور شعیب شاہین کے وکلا نے دلائل دیئے۔(بقیہ نمبر 20)

چیئرمین قومی امن کمیٹی سید محمود غزنوی ودیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان میں وی پی اینز کو بلاک نہیں کیا جا رہا، پی ٹی اے

آئی ٹی کمپنیاں، سافٹ ویئر ہاؤسز، فری لانسرز، بینکس، دیگر کاروبار زیر استعمال وی پی این کو رجسٹر کرائیں

لاہور(این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ ملک میں ورچوئل پرائیویٹ نیٹ ورکس کو بلاک نہیں کیا جا رہا۔ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر جاری بیان میں اتھارٹی نے نے میڈیا رپورٹس کو مسترد کر دیا۔ تاہم پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے آئی ٹی کمپنیوں، سافٹ ویئر ہاؤسز، فری لانسرز، بینکوں اور دیگر کاروباروں سے درخواست کی ہے کہ زیر استعمال وی پی این کو رجسٹر کرائیں تا کہ کسی بھی رکاوٹ کی صورت میں بلاتعطل انٹرنیٹ سروسز کو یقینی بنایا جا سکے۔ اتھارٹی نے مزید کہا کہ کاروباری ادارے پی ٹی اے اور پاکستان سافٹ ویئر ایکسپورٹ بورڈ کی ویب سائٹس کے ذریعے اپنا وی پی اینز رجسٹر کرا سکتے ہیں، یہ عمل مفت ہے اور اس (بقیہ نمبر 21)

کاروکاری کے معاملے پر دو گروپوں میں تصادم، پانچ افراد ہلاک

رحیم یار خان (این این آئی)ضلع رحیم یار خان کے تھانہ ماچکھہ میں کچے کے علاقے میں کاروکاری کے معاملے پر دو گروپوں میں ہونے والے تصادم میں کم از کم پانچ افراد ہلاک ہو گئے۔ رحیم یار خان کے تھانہ ماچکھہ کی حدود میں واقع کچے کے علاقے میں (بقیہ نمبر 22)

FBR
تاجر دوست سکیم
ماہانہ ایڈوانس ٹیکس
RTO LAHORE

چیف کمشنر آر ٹی او لاہور ایف بی آر احمد شجاع خان سے چائنیز وفد کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف امن وامان سے متعلق امور کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سکھر میں دیرینہ دشمنی پر باپ اور بیٹے سمیت 3 افراد قتل

واقعے کے بعد ملزمان با آسانی فرار، ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی کارروائی

سکھر(این این آئی) سندھ کے شہر سکھر میں دیرینہ دشمنی کا ایک اور واقعہ پیش آیا ہے، جس میں مسلح افراد نے باپ اور بیٹے سمیت 3 افراد کو قتل کر دیا۔ تمام جاں بحق افراد کا تعلق چوہان برادری سے ہے اور مقتولین اسپتال سے واپس گھر آرہے تھے کہ مسلح افراد نے گھات لگا کر ان پر فائرنگ کر دی۔ پولیس نے بتایا ہے کہ مرنے والوں کا تعلق چوہان(بقیہ نمبر 39)

پی ٹی آئی کے اراکین پارلیمنٹ کی گرفتاری، کمیٹی تشکیل دیدی

کمیٹی 48 گھنٹے میں رپورٹ اسپیکر قومی اسمبلی کو پیش کرے گی، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد(این این آئی)اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے تحریک انصاف کے اراکین پارلیمنٹ کی گرفتاری سے متعلق شواہد اکٹھے کرنے کے لیے سارجنٹ ایٹ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے سے پاکستان تحریک انصاف کے اراکین اسمبلی کی گرفتاری کے معاملے کی تحقیقات کے لیے اسپیکر ایاز صادق نے کمیٹی سارجنٹ ایٹ(بقیہ نمبر 40)

ڈپٹی چیئرمین سینٹ سیدال خان کا کلثوم نواز کی برسی پر پیغام

محترمہ کلثوم نواز کی جمہوریت کے فروغ کیلئے خدمات ہمیشہ یاد رکھا جائیگا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی)ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے مادر جمہوریت بیگم کلثوم نواز کی برسی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ پوری قوم بیگم کلثوم نواز کی لازوال خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ کلثوم نواز کی سیاسی وسماجی ، قانون کی بالادستی (بقیہ نمبر36)

عوام نے مہنگائی کم ہونے کے دعوے کو جھوٹا قرار دیدیا

260 روپے کلو میں ملنے والی دال ماش اب 400 روپے کلو میں فروخت کی جارہی ہے

اسلام آباد(این این آئی)ادارہ شماریات کی جانب سے 9 ماہ میں مہنگائی کی شرح 33 فیصد سے کم ہو کر 9 فیصد کے دعوے کو عوام نے جھٹلا دیا۔ شہری کہتے ہیں کہ چیزوں کی قیمتیں تو کم ہوئی ہی نہیں ہیں، سب کی سب مہنگی ہیں، بڑھتی ہوئی مہنگائی نے ہر طبقے خصوصاً متوسط اور غریب طبقے کو شدید متاثر کیا ہوا ہے جس کی وجہ بنیادی اشیائے ضروریہ کی(بقیہ نمبر 10)

کسی ریلوے مزدور کی حق تلفی نہیں ہوگی، سی ای او عامر بلوچ

شیخ انور کی قیادت میں پریم یونین کی سی ای او ریلوے سے ملاقات، مسائل کی نشاندہی

راجووال (این این آئی) سی ای او پاکستان ریلوے عامر بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کے کسی مزدور کی حق تلفی نہیں ہوگی، ٹی اے اوور ٹائم کے حوالہ سے ہیڈ کوارٹر کی طرف سے جاری کئے گئے لیٹر کی تشریح میں غلط فہمی پیدا ہوگئی ہے، جس کی وضاحت کر کے فوری طور پر ڈویژنز میں بذریعہ لیٹر اطلاع کر دی جائے گی، شیڈ سٹاف، لوکورننگ (بقیہ نمبر 11)

جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے سابق وزیر اطلاعات محمد علی درانی ملاقات کر رہے ہیں

پارلیمنٹ کے اندر گرفتاریاں، سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف معطل

سارجنٹ ایٹ آرمز اور دیگر 4 سکیورٹی اہلکاروں کو 4 ماہ کے لیے معطل کیا

اسلام آباد(این این آئی) پارلیمنٹ کے اندر گرفتاریوں کے معاملے پر اسمبلی کی سکیورٹی میں غیر ذمے داری پر سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کو معطل کر دیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے سارجنٹ ایٹ آرمز کو 4 ماہ کے لیے معطل کیا ہے۔ پارلیمنٹ میں سکیورٹی میں ناکامی پر دیگر 4 سکیورٹی اہلکاروں کو بھی معطل کیا گیا ہے۔

آسٹریلیا کیلئے بک کروائے گئے کھسوں سے 37 کلوگرام آئس برآمد

اے این ایف کے مطابق انٹیلی جنس اطلاع پر لاہور میں واقع کوریئر آفس پر چھاپہ مارا گیا

لاہور(این این آئی) لاہور میں آسٹریلیا کے لیے بک کروائے گئے کھسوں سے 37 کلوگرام آئس برآمد کر لی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق انٹیلیجنس اطلاع پر لاہور میں واقع کوریئر آفس پر چھاپہ مارا گیا۔ چھاپے کے دوران آفس میں موجود کھسوں کے 20 ڈبے قبضے میں لئے گئے۔ جانچ پڑتال پر ڈبوں میں موجود کھسوں کے 500 جوڑوں میں منشیات جذب ہونے کی تصدیق ہوئی۔ اے این ایف نے مزید بتایا کہ ہر کھسے سے 37 گرام آئس برآمد کی گئی۔ مجموعی طور پر 1000 کھسوں سے 37 کلوگرام (بقیہ نمبر 12)



چیئرپرسن وزیراعلیٰ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاء الدین ریجنل دفتر آمد کے موقع پر آر پی او بابر سرفراز الپا سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

زیر حراست ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن آڈر جاری

قومی اسمبلی کے رواں اجلاس میں شرکت کو یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی)اسلام آباد پولیس کی زیر حراست ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن آڈر جاری۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اسلام آباد پولیس کی زیر حراست ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن آڈرز جاری کر دیے۔ جن ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن اڈرز جاری کیے گئے ہیں ان میں ملک عامر ڈوگر، زین حسین قریشی، وقاص اکرم، (بقیہ نمبر 13)

تحصیل تربت کے مرکزی بازار میں دھماکا‘ 5 افراد زخمی

مرکزی بازار میں ہونے والا دھماکا دستی بم کا تھا‘ تحقیقات کر رہے ہیں ایس ایچ او تربت

تربت (این این آئی)بلوچستان کے ضلع کیچ کی تحصیل تربت کے مرکزی بازار میں دھماکا ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہوگئے۔ اسٹیشن ہاؤس افسر (ایس ایچ او) سٹی تربت یاسین بلوچ نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ دھماکے میں 5 افراد معمول زخمی ہوئے ہیں، ابتدائی تفتیش کے مطابق مرکزی بازار میں ہونے والا دھماکا دستی بم کا تھا۔ ایس ایچ او کا کہنا تھا کہ تمام زخمیوں کو سول ہسپتال تربت منتقل کیا گیا ہے، مزید کہا کہ پولیس، محکمہ انسداد دہشت گردی اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کا عملہ تحقیقات کر رہا ہے۔ ادھر، ترجمان حکومت(بقیہ نمبر 14)

ایڈوانسڈ میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) کا نفاذ
JOURNEY OF ELECTRICITY METER IN PAKISTAN
IOT

پراجیکٹ ڈائریکٹر اے ایم آئی آئیسکو محسن رضا گیلانی پرنٹ میڈیا نمائندگان کو AMI پروجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

پی ٹی آئی کا (کل) لاہور میں احتجاجی ریلیاں نکالنے کا فیصلہ

ریلیوں کا مقصد اسیر قائدین وکارکنان کی رہائی کے لئے احتجاج کرنا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے کل (جمعہ) لاہور میں احتجاجی ریلیاں نکالنے کا فیصلہ کرلیا۔ بتایا گیا ہے کہ لاہور کے تمام صوبائی حلقوں میں ریلیاں نکالی جائیں گی، تحریک انصاف کے اراکین اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈر ریلیوں کی قیادت کریں گے، احتجاجی ریلیاں نماز جمعہ کے بعد نکالی جائیں گی، ریلیوں کا مقصد اسیر قائدین وکارکنان کی رہائی کے لئے احتجاج کرنا ہے۔

12 ربیع الاول عقیدت و احترام کیساتھ منایا جائیگا، ڈپٹی کمشنر محمد عمیر

12 ربیع الاول کے جلوسوں کے روٹس کی صفائی، سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کو یقینی بنانے کے ساتھ جلوسوں کے وقت کو نظم وضبط کے ساتھ رکھا جائے گا

12 ربیع الاول شان رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم منا کر ہم پوری دنیا کو پیغام دے رہے ہیں کہ ہم عظیم پیغمبر حضرت محمد ﷺ کے امتی ہیں

جھنگ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ربیع الاول رحمت اللعالمین صلی اللہ علیہ وآلیہ وسلم حکومت پنجاب کی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی انتہائی جوش و خروش وعقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا۔ 12 ربیع الاول کے حوالے سے پیشگی انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی زیر نگرانی اجلاس منعقد ہوا۔ ایس پی انویسٹیگیشن جاوید اقبال چدھڑ، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل خرم شہزاد بھٹی، اسسٹنٹ کمشنرز و دیگر ضلعی افسران کی شرکت۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 1)

سی ٹی او اسلام آباد کا ٹریفک ہیڈ کوارٹرز میں اردل روم کا انعقاد

اردل روم میں پولیس افسران نے ذاتی اور سرکاری نوعیت کے مسائل سی ٹی او اسلام آباد کے سامنے رکھے، حل طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری

پولیس ملازمین کی ویلفیئر کیلئے متعدد اقدامات کئے گئے ہیں جن میں رہائش، بہترین طبی سہولیات اور تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا شامل ہیں

اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک

چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد سرفراز ورک اردل روم میں پولیس ملازمین کے مسائل سن رہے ہیں

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل کے بروقت اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد نے ٹریفک ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں اردل روم کا انعقاد کیا ،اردل روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران کو درپیش محکمانہ اور (بقیہ نمبر 2)

ملاوٹ مافیا کے خلاف قانونی شکنجہ تیار

آٹا، چینی، گھی، دودھ، پانی، چائے پتی اور مصالحہ جات میں ملاوٹ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پنجاب کے بڑے سٹیک ہولڈرز، ملاوٹ مافیا اور منافع خوروں کے خلاف شکنجہ تیار کر لیا گیا۔ ملاوٹ مافیا ترمیمی قانون کی دستاویز نے حاصل کر لیں، دستاویز کے مطابق آٹا، چینی، گھی، دودھ، پانی، چائے پتی اور مصالحہ جات میں ملاوٹ کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، ملاوٹ مافیا کو سزا کے لئے سماعتی عدالتوں کو فعال کیا جائے گا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے قوانین میں ترامیم تیار ہو گئیں جسے وزیر اعلیٰ پنجاب کابینہ کمیٹی میں پیش کریں گی۔ فوڈ اتھارٹی ایکٹ 2011 میں ترمیم کے تحت اب خوراک میں مصنوعی اجزاء کا استعمال کرنے والے مافیا کیلئے سخت سزا ہوگی، دستاویز کے مطابق وارننگ کے باوجود صحت دشمن عناصر کو جرمانوں کے ساتھ بلیک لسٹ بھی کیا جائے (بقیہ نمبر 3)

اورنج لائن، میٹرو، سپیڈو میں مفت سفری سہولیات دینے کا فیصلہ

لاہور (اے ایف بی) پنجاب میں ماس ٹرانزٹ منصوبوں اورنج لائن، میٹرو اور سپیڈو بسوں پر مفت سفری سہولیات کی فراہمی کی تیاری مکمل کرلی، محکمہ ٹرانسپورٹ نے سمری منظوری کیلئے کابینہ کو بھجوادی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے بزرگوں، اسپیشل پرسن اور اسٹوڈنٹس کو پنجاب ماس ٹرانزٹ منصوبوں (بقیہ نمبر 4)

پنجاب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر احمد خان بھچر دیگر ارکان اسمبلی کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے شدید جھٹکے

زلزلے کے باعث لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا، کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ کی گئی، گہرائی 10 کلومیٹر تھی، اسکا مرکز جنوبی پنجاب کے شہر ڈیرہ غازی خان کے قریب تھا

لاہور+پشاور+اسلام آباد(این این آئی)لاہور، اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ لاہور سمیت پنجاب، اسلام آباد اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں دوپہر بارہ بجکر 30 منٹ پر زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ، زلزلے کے باعث لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا اور وہ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، اس کا مرکز جنوبی پنجاب کے شہر ڈیرہ غازی خان کے قریب تھا۔ زلزلے کے جھٹکے پنجاب کے شہروں کمالیہ، خانیوال، بھلوال، چنیوٹ، حافظ آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، گجرات، سرگودھا(بقیہ نمبر 5)

پارلیمنٹ پر شب خون مارنے والوں پر آرٹیکل 6 لگنی چاہیے: بیرسٹر سیف

پشاور(این این آئی)مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے پارلیمنٹ پر شب خون مارنے والوں کیخلاف آرٹیکل 6 کے تحت کاروائی کرنی چاہیے۔ مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ پارلیمان کی بے توقیری پر جعلی وزراء کی ڈھٹائی حیران کن اور پریشان کن ہے، بعض بانی پی ٹی آئی (بقیہ نمبر 6)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور مشاورتی سیشن میں روبصحت بچوں اور والدین سے گفتگو کر رہے ہیں

کنٹری انگیج منٹ ورکنگ گروپ کے 34 ویں اجلاس کا انعقاد

CEWG آبادی اور صحت سے متعلق وفاقی، صوبائی اور علاقائی حکومتوں کے درمیان ایک اعلیٰ سطحی رابطہ کا فورم ہے

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کے سکیرٹری، ایڈیشنل سکیرٹری، ڈائریکٹر جنرل، تمام صوبوں کے بہبود آبادی، محکمہ صحت، گرین سٹار کے نمائندگان کی کثیر تعداد میں شرکت

شرکاء کرام نے مانع حمل اشیاء کی حفاظت، میڈیا اور مواصلات، اور M&E پر ذیلی گروپ بارے آگاہی دی گئی

ثمن رائے کا شرکاء کو صوبہ بھر میں بہبود آبادی کے کامیابی سے جاری پروگراموں بارے بریفنگ

شرکاء نے پنجاب میں کامیابی سے جاری بہبود آبادی کے مختلف پروگراموں کو بے حد سراہا

لاہور(نمائندہ خصوصی)‘ کنٹری انگیج منٹ ورکنگ گروپ (CEWG) کے 34 ویں اجلاس کا انعقاد لاہور میں ہوا۔ CEWG آبادی اور صحت سے متعلق وفاقی، صوبائی اور علاقائی حکومتوں کے درمیان ایک اعلیٰ سطحی رابطہ کا فورم ہے۔ اجلاس کی صدارت محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کے سیکرٹری سلمان اعجاز نے کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈاکٹر نائیلہ، ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے ،ملک بھر کے تمام صوبوں کے بہبود آبادی، محکمہ صحت، مالیاتی اداروں، گرین سٹار کے نمائندگان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ میٹنگ کا اہتمام پاپولیشن پروگرام ونگ (PPW)، وزارت قومی صحت کی خدمات، ضوابط اور کوآرڈینیشن (M/NHSRC) نے ، UNFPA کے تعاون سے کیا گیا۔ اس اجلاس کی میزبانی پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ (PWD) پنجاب نے کی۔ میٹنگ کے اہم نکات میں مانع حمل (بقیہ نمبر 7)

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی ثمن رائے CEWG کے 34 ویں اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

اسلام آباد کے بجلی صارفین کیلئے 14 روپے فی یونٹ کا ریلیف ختم

اسلام آباد کے صارفین 14 روپے فی یونٹ ریلیف سے محروم ہو گئے

اسلام آباد(اے ایف بی) وزیراعلی پنجاب کا بجلی کے بلوں میں ریلیف حتمی انجام تک نہ پہنچ سکا، اسلام آباد کے صارفین 14 روپے فی یونٹ ریلیف سے محروم ہو گئے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے اسلام آباد کے صارفین کے لئے 14 روپے فی یونٹ ریلیف ختم کر دیا گیا، اسلام آباد کے صارفین کو ماہ ستمبر میں ریلیف نہیں ملے گا، بلنگ سافٹ ویئر میں تبدیلی کیلئے بھی احکامات جاری کر دیئے گئے۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی علاقے کے صارفین کو ماہ ستمبر کے بجلی بل یکم جولائی کے نرخوں کے مطابق جاری ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق آئیسکو کو ابھی تک اگست میں دیئے گئے ریلیف کے پیسے بھی نہیں ملے۔

لاپتہ ہو کر واپس آنیوالے فیضان سے تفتیش نہ ہونے پر عدالت برہم

اسلام آباد(این این آئی)اسلام آباد ہائی کورٹ نے لاپتہ ہو کر واپس آنے والے فیضان سے تفتیش نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا۔ لاپتہ فیضان کی بازیابی سے متعلق کیس کی اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس بابر ستار نے سماعت کی۔ اسٹیٹ کونسل اور پولیس حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ فیضان کو (بقیہ نمبر 8)

پبلشر وچیف ایڈیٹر ساجد مصطفیٰ جتوئی نے کرن ذوالفقار پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر دفتر روزنامہ آئیڈیل پاکستان ہجویری آرکیڈ چوک کچہری ملتان سے شائع کیا 0333-9233351